**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ 16.10.2025**

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | وزیراعظم بلوچستان کی تعمیر وترقی میں خصوصی دلچسپی لے رہے ہیں، جعفر مندوخیل | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | ریاست توڑنے کا خواب دیکھنے والوں کیساتھ نرمی ممکن نہیں، وزیراعلیٰ بگٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی کی والدہ انتقال کر گئیں | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | حکومت نوجوانوں کی فلاح، تعلیم، روزگار کیلئے اقدامات کر رہی ہے، مینا مجید | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | سوشل میڈیا پر میرے خلاف پروپیگنڈا سوچی سمجھی سازش ہے، علی حسن زہری | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | آغا سراج درانی بااصول تجربہ کار سیاستدان تھے، نور محمد دمڑ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | مرحوم آغا سراج درانی ایک کہنہ مشق سیاستدان تھے، صادق عمرانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | آغا سراج درانی نے زندگی کا بڑا حصہ عوامی خدمت کیلئے وقف کیا، میر لیاقت لہڑی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | قیصرواہ کی بھل صفائی سے زمینداروں کو فائدہ ہوگا، سردار کوہیار ڈومکی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی کر کے گنداخہ کو مثالی تحصیل بنائیں گے، فیصل جمالی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | دور حاضر میں میڈیا کے مثبت کردار سے انکار ممکن نہیں، آئی جی پولیس | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | بلوچستان کے چھ ڈویژنز میں لیویز کو پولیس میں ضم کر دیا گیا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | کوئٹہ افغان مہاجرین سے کرائے گھر اور دکانیں سات دن میں خالی کرانے کا حکم | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | پاک افغان کشیدگی چمن، قلعہ سیف اللہ اور چاغی میں بارڈرز بند | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | بلوچستان کے تمام انتظامی محکموں کیلئے موسم سرما کے اوقات کار کا اعلان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جاری خصوصی مہم جاری | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | عوامی سہولت کے تمام امور میں شفافیت اور تیزی یقینی بنائی جائے، ڈی سی کوئٹہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | حکومت روزگار دینے کی بجائے چھیننے پر تلی ہوئی ہے، پشتونخوا میپ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 19 | فیک نیوز اور ویڈیوز شیئر کر کے کسی کی تضحیک نہیں کی جانی چاہئے، سیاسی رہنما | جنگ ودیگر اخبارات |
| 20 | کالعدم بی ایل ایف کے غیر مہذب کردار سے ہر بلوچ واقف ہے، سابق کمانڈر | جنگ ودیگر اخبارات |

**امن وامان:**

پاک فوج نے قندھار اور کابل میں دہشتگردوں کے ٹھکانے تباہ کر دیئے، ڈیرہ مراد جمالی سیکورٹی فورسز کی گاڑی پر فائرنگ دو اہلکار زخمی، اوتھل پولیس کی کارروائی چرس برآمد دو اسمگلر گرفتار، کوئٹہ پولیو ٹیم کی حفاظت پر مامور پولیس والوں سے اسلحہ اور بلٹ پروف جیکٹس چھین لی گئی،

**عوامی مسائل:**

کوئٹہ صفائی کی ابتر صورتحال گندگی کے ڈھیر بیماریاں پھیلنے لگی، وزیراعلیٰ کوہلو میں خفیہ بھرتیوں کا نوٹس لیں، عوامی حلقے

CamScanner

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 16.10.2025

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "**پرائیویٹ ٹرانسپورٹرز کا کرایے کا معاملہ** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ اس وقت کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں پرائیویٹ ٹرانسپوٹرز کا کرایے کا معاملہ زیرغور ہے کیونکہ ٹرانسپوٹرز کیلئے کوئی مکینزنہیں ہے وہ جب چاہیں کرایوں میں اضافہ کردیتے ہیں ہمارے ہاں یہ روایت چل پڑی ہے کہ ہر پندرہ روز کے بعد پیڑولیم مصنوعات کی قیمتوں میں رودبدل کیا جاتا ہے اس میں جب پیڑولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھتی ہیں تو یہ ٹرانسپورٹرز اپنے کرایوں میں اضافہ کرنے میں ذرا سی دیر بھی نہیں لگاتے اور مسافروں سے زیادہ کرایہ وصول کرنا شروع کردیتے ہیں جبکہ اس مقابلے میں جب پیٹرولیم مصنوعات سستی ہوتی ہے تو یہ حضرات کرایوں میں کمی نہیں کرتے عوام سے وہی پرانا کرایہ وصول کرتے ہیں جو کہ بلاشبہ غریب عوام کے ساتھ زیادتی کے مترادف اقدام ہے چونکہ اس ٹرانسپورٹ سے غریب آدمی ہی سفر کرتا ہے اس طرح وہ اس سے متاثر ہوتا ہے، اس لئے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت اور تمام متعلقہ اداروں کو غریب عوام کے اس اہم مسئلے کو مستقبل بنیادوں پر حل کیا جائے اس میں روزروز کی ترمیم روکی جائے جو کہ ٹرانسپورٹرز کی من مانی ہے اس سے غریب عوام جوان ہی پرائیویٹ ٹرانسپورٹ سے سفر کرتی ہے شدید متاثر ہورہی ہے اس لئے اس کا ازالہ کرنا ناگزیر ہے۔

**اداریے :**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**ملک دشمن عناصر کا اصل ہدف پاکستان کو نقصان پہنچانا اور اسے تقسیم کرنا ھے** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**بلوچستان بھرمیں انسداد پولیو مہم کا آغاز!** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "UNsafe coal mines" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل

نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. ۱ Dated: 16 OCT 2025 Page No. ۱



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں



گورنر جعفر خان مندوخیل سے بلوچستان فلاحی فاؤنڈیشن کے وائس چیئرمین عبدالسلام اچکزئی و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

# وزیراعظم بلوچستان کی تعمیر و ترقی میں خصوصی دلچسپی لے رہے ہیں، جعفر مندوخیل

## ہم صوبے میں معیاری تعلیم کی فراہمی کے ساتھ ساتھ نوجوانوں کو جدید مہارتیں سکھانے پر بھی بھرپور توجہ دے رہے ہیں

## چیئرمین پرائم منسٹرز یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خاں کے اقدامات کے بہتر نتائج برآمد ہو رہے ہیں، گورنر بلوچستان

کوئٹہ (ح ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف بلوچستان کی تعمیر......... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

وترقی میں خصوصی دلچسپی لے رہے ہیں۔ ان کے وژن کے مطابق ہم صوبے میں معیاری تعلیم کی فراہمی کے ساتھ ساتھ نوجوانوں کو جدید مہارتیں سکھانے پر بھی بھرپور توجہ دے رہے ہیں۔ گورنر بلوچستان نے پی ٹی وی سے بات چیت کرتے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف صوبے میں محض فنڈز دینے کے بجائے ترقیاتی منصوبے دینے کے خواہشمند ہیں۔ علاوہ ازیں گورنر مندوخیل نے کہا کہ چیئرمین پرائم منسٹرز یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خاں کے اقدامات کے بہتر نتائج برآمد ہو رہے ہیں۔ نوجوان یوتھ پروگرام سے فارغ ہوتے ہی روزگار حاصل کرنے میں بھی کامیاب ہو جاتے ہیں

# آغا سراج درانی شریف النفس اور جمہوریت پسند انسان تھے، گورنر بلوچستان

## مرحوم کی گرانقدر سیاسی و سماجی خدمات تا دیر یاد رکھی جائیں گی، جعفر خان مندوخیل

## گورنر کا صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی سے انکی والدہ کی وفات پر بھی اظہار افسوس

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور سابق اسپیکر سندھ اسمبلی آغا سراج درانی کی وفات پر گہرے رنج و افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم ایک انتہائی شریف النفس اور جمہوریت پسند انسان تھے۔ مرحوم کی سرانجام دینے والی گرانقدر سیاسی و سماجی خدمات کو تا دیر یاد رکھا جائے گا۔ گورنر......... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

جعفر خان مندوخیل نے سوگوار خاندان کے نام اپنے پیغام میں کہا کہ ہم دکھ و غم کی اس گھڑی میں مرحوم آغا سراج درانی کے اہل خانہ سے یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں، پروردگار مرحوم آغا سراج درانی کو بلند درجات عطا فرمائے۔ آمین دریں اثناء گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی کی والدہ کی وفات پر گہرے رنج و دکھ کا اظہار کیا ہے اپنے ایک تعزیتی بیان میں گورنر بلوچستان جعفر خان نے مرحومہ کی مغفرت کیلئے دعا کی اور انکے اہل خانہ سے گہری ہمدردی اور تعزیت کا بھی اظہار کیا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

نظامت اعا...
حکومت...

Bulle...

...age No. 2



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نیشنل یوتھ سمٹ کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک ملاقات کر رہے ہیں

THE DAILY JANG QUETTA
روزنامہ جنگ کوئٹہ
بانی میر خلیل الرحمٰن
جلد 54 | جمعرات 22 ربیع الثانی 1447ھ 16 اکتوبر 2025ء | نمبر 283

# ریاست توڑنے کا خواب دیکھنے والوں کیساتھ نرمی ممکن نہیں، وزیر اعلیٰ بگٹی

پاکستان پر حملہ ہوگا تو افغانستان پر بھی اثرات پڑیں گے

ریاستی رٹ بحال کرنے کا وعدہ پورا کیا، بلوچ علیحدگی پسند رہنما افغانستان میں موجود ہیں، نوجوانوں کی منفی ذہن سازی کرنے والوں کی شکست یقینی ہے

ریاست اور نوجوانوں کے درمیان خلیج کو میرٹ اور مکالمے کے ذریعے ختم کرینگے، یوتھ سمٹ سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ نوجوان پاکستان کا قیمتی سرمایہ ہیں ان کے ساتھ مسلسل اور بامقصد مکالمہ ہی ملک کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے انہوں نے کہا کہ ریاست کے پاس مصدقہ ثبوت موجود ہیں کہ بیرون ملک بیٹھے پاکستان مخالف عناصر منظم انداز میں نوجوانوں کی منفی ذہن سازی کر رہے ہیں تاہم ایسے عناصر کی شکست یقینی ہے کیونکہ پاکستان کی بنیاد صداقت قربانی اور اتحاد پر رکھی گئی ہے یہ بات انہوں نے بدھ کو بیوٹمز یونیورسٹی کوئٹہ میں منعقدہ نیشنل یوتھ سمٹ 2025 کی اختتامی تقریب سے خطاب اور طلبہ کے سوالات کے جوابات دیتے ہوئے کہی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ آج کے دور میں تصورات نے حقائق کو پیچھے چھوڑ دیا ہے ایسے میں ضروری ہے کہ نوجوان تحقیق دلیل اور سچائی کو اپنا شعار بنائیں انہوں نے کہا کہ مقبول بیانیہ کا ہونا ضروری نہیں حق پر ہونا ضروری ہے اسلامی تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ ابوجہل کا بیانیہ اس وقت مقبول ضرور تھا مگر وہ باطل پر تھا نوجوانوں کو گرینڈ ڈائیلاگ کے ذریعے حقائق سے آگاہ کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے ریاست پاکستان کا آئین مظلوم کے ساتھ کھڑا ہے جس عورت کے شوہر اور بیٹے کو موسیٰ خیل میں اس کے سامنے گولی ماری گئی ریاست اس عورت کے ساتھ ہے سرفراز بگٹی مظلوم کے ساتھ کھڑا رہے گا، وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ عوام سے وعدہ کیا تھا کہ صوبے میں احتجاج کے نام پر کوئی سڑک بند نہیں ہوگی اور آج بلوچستان کی کوئی شاہراہ بند نہیں ہم نے وعدہ پورا کیا ریاست کی رٹ بحال کر دی ایک صوبے میں خواتین کی بالیاں چھیننے والوں کو گولی مار دی جاتی ہے لیکن بلوچستان میں ہمیں ان عناصر سے مذاکرات کے بھاشن دیے جاتے ہیں جو ریاست توڑنے کے خواب دیکھتے ہیں ایسے لوگوں کے ساتھ کسی قسم کی نرمی ممکن نہیں انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت بلوچستان کے ہر ہائی اسکول کالج اور یونیورسٹی میں انٹرنیٹ کی سہولت فراہم کرے گی تاکہ نوجوان جدید تعلیم اور تحقیق سے منسلک رہیں تاہم جہاں انسانی جانوں کو خطرہ لاحق ہوا یا دہشت گردی کا اندیشہ پیدا ہوا وہاں عارضی سروسز معطل کی جائیں گی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ قومی بقا کی جنگ ہے آج سرفراز بگٹی اور اس کی کابینہ دہشت گردی کے خلاف صف اول میں کھڑی ہے ہمیں سب کو کھڑا ہونا ہوگا ورنہ یہ جنگ ہر گھر تک پہنچ جائے گی انہوں نے افغان بارڈر کی صورتحال پر بات کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پر حملہ ہوگا تو افغانستان پر بھی اس کے اثرات پڑیں گے افغانستان نے قیام پاکستان کی مخالفت کی بلوچستان کے پہلے علیحدگی پسند آغا عبدالکریم کو پناہ دی اس کے باوجود ہم نے دہائیوں تک افغان مہاجرین کی میزبانی کی لیکن اب ون ڈاکیومنٹ رجیم پر مکمل درآمد ناگزیر ہے جب حج اور عمرہ بغیر پاسپورٹ ویزہ کے ممکن نہیں تو غیر ملکیوں کو آزادانہ نقل و حرکت کی اجازت کیسے دی جا سکتی ہے ریاست ہر چیز سے مقدم ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ریاست کے پاس مصدقہ شواہد ہیں کہ بلوچ علیحدگی پسند رہنما افغانستان میں موجود ہیں انہوں نے چمن میں گزشتہ شب ہونے والے واقعے میں پاک فوج کے بہادر سپوتوں کی شہادت پر قوم کی جانب سے خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پر جب بھی چیلنج آیا پاک فوج نے اس کا ادراک کیا اور بروقت جواب دیا فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر اور پاک فوج کے ہر افسر و سپاہی کو سلام پیش کرتا ہوں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں پوست کی کاشت پر مکمل پابندی عائد ہے اس غیر قانونی کاشت میں ملوث زمینداروں کے خلاف نہ صرف قانونی کارروائی کی جائے گی بلکہ ان کے ٹیوب ویل منہدم کیے جائیں گے اور زمینوں پر ایسا اسپرے کیا جائے گا کہ وہ دوبارہ قابل کاشت نہ رہیں انہوں نے کہا کہ روزگار کے مواقع بڑھانے کے لیے پرائیویٹ سیکٹر کو آگے آنا ہوگا صوبائی حکومت نے یوتھ انٹرپرائز ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت سولہ ارب روپے مختص کیے ہیں جس سے سولہ ہزار نوجوان مستفید ہو رہے ہیں ایک اچھا پلمبر ایک بڑے انجینئر سے بہتر ہے کیونکہ سکل اور ہنر ہی حقیقی ترقی کی بنیاد ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی کے لیے مائنز اینڈ منرل ایکٹ کو اتفاق رائے سے اسمبلی میں دوبارہ پیش کیا گیا ہے تاکہ اس پر وسیع اتفاق رائے ہو اور قدرتی وسائل کے ثمرات براہ راست عوام تک پہنچ سکیں انہوں نے کہا کہ صوبے کی معاشی ترقی کے لیے اسپیشل اکنامک زونز قائم کیے جا رہے ہیں جہاں سرمایہ کاروں کو سہولتیں فراہم کی جا رہی ہیں انہوں نے کہا کہ میرٹ کریسی اور شفافیت ہی وہ بنیادیں ہیں جن سے کرپشن ختم ہوگی اور نوجوانوں کا اعتماد بحال ہوگا انہوں نے کہا کہ پروپیگنڈے اور ناقص طرز حکمرانی کے باعث ریاست اور نوجوانوں کے درمیان جو خلیج پیدا کی گئی ہم اسے میرٹ اور مکالمے کے ذریعے ختم کریں گے بلوچستان کے مجموعی بجٹ کا اسی فیصد حصہ غیر ترقیاتی اخراجات پر خرچ ہوتا ہے جبکہ اسی ارب روپے صحت کے شعبے کے لیے مختص کیے گئے ہیں صوبائی حکومت اصلاحات کے عمل سے گزر رہی ہے ہم نے درست سمت کا تعین کر لیا ہے جس کے اثرات بتدریج نمایاں ہوں گے۔

## صفائی کے نظام کو موثر و پائیدار بنایا جائے، اجلاس

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صفا کوئٹہ انٹیگریٹڈ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ پروجیکٹ کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس بدھ کو وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ کوئٹہ میں منعقد ہوا اجلاس میں مشیر برائے بلدیات نوابزادہ بابا امیر حمزہ زہری، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی زاہد سلیم، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، سیکرٹری بلدیات عبدالرؤف بلوچ، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کے سربراہ ڈاکٹر کیمل خان، ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن مجیب الرحمٰن قمبرانی اور ایڈیشنل سیکرٹری خزانہ سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس کے دوران کوئٹہ شہر میں صفائی کی مجموعی صورتحال، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے نظام اور صفا کوئٹہ پروجیکٹ کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ شہر کے تمام علاقوں سے کچرے کے پرانے ڈھیر مکمل طور پر صاف کیے جائیں اور صفائی کے نظام کو موثر و پائیدار بنایا جائے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ کوئٹہ بلوچستان کا چہرہ ہے، اس کی صفائی ستھرائی، خوبصورتی اور شہری سہولیات کی بہتری صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ کوئٹہ کے مرکزی شاہراہوں، مارکیٹوں، رہائشی علاقوں اور نالوں کی صفائی کے عمل میں کوئی غفلت نہ برتی جائے، تاکہ شہریوں کو صحت مند اور صاف ماحول فراہم کیا جا سکے انہوں نے کہا کہ جدید مشینری، افرادی قوت اور مربوط نگرانی کے ذریعے صفائی کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے۔ صوبائی حکومت شہری سہولتوں کی بہتری کے لیے تمام ضروری وسائل فراہم کرے گی تاکہ صفا کوئٹہ پروجیکٹ کو کامیاب ماڈل کے طور پر دیگر شہروں تک وسعت دی جا سکے۔

## حکومت بلوچستان شہداء کے اہلِ خانہ کو تنہا نہیں چھوڑے گی، وزیر اعلیٰ

شہید خلیل احمد سمالانی کے اہلِ خانہ کیلئے ایک سرکاری ملازمت اور مالی معاونت کا اعلان

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پاکستان پیپلز پارٹی کے شہید ورکر خلیل احمد سمالانی کی والدہ اور بھائی نے ملاقات کی اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان نے شہید خلیل احمد سمالانی کی پارٹی اور جمہوریت کے لیے خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہداء قوم کا فخر اور سرمایہ ہیں جن کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ شہید خلیل احمد سمالانی نے جس عزم اور جرات کے ساتھ عوامی خدمت اور جمہوری استحکام کے لیے جدوجہد کی وہ قابل تحسین ہے ان کی قربانی کو تاریخ میں سنہری حروف سے لکھا جائے گا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر شہید خلیل احمد سمالانی کے اہل خانہ کی کفالت کے لیے ایک سرکاری ملازمت اور مالی معاونت کا اعلان کیا انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان شہداء کے اہل خانہ کو اکیلا نہیں چھوڑے گی اور ان کی ہر ممکن مدد جاری رکھے گی اس موقع پر صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو اور پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما سید اقبال شاہ بھی موجود تھے جنہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کے اس فیصلے کو شہداء سے محبت اور ان کے اہل خانہ سے یکجہتی کا عملی اظہار قرار دیا۔



وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نیشنل یوتھ سمٹ بلوچستان کی اختتامی تقریب کے موقع پر اسٹال کا معائنہ کر رہے ہیں



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی صفا کوئٹہ پروجیکٹ کی کارکردگی سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | جمعرات 22 ربیع الثانی 1447ھ 16 اکتوبر 2025ء صفحات 08 | شمارہ 101

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

# دہشتگردی کیخلاف جنگ قومی بقا کی جنگ ہے، میر سرفراز بگٹی

## احتجاج کے نام پر آج بلوچستان کی کوئی شاہراہ بند نہیں ہم نے وعدہ پورا کیا ریاست کی رٹ بحال کر دی، وزیراعلیٰ

## نوجوان پاکستان کا قیمتی سرمایہ ہیں ان کے ساتھ مسلسل اور بامقصد مکالمہ ہی ملک کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے


## جہاں انسانی جانوں کو خطرہ لاحق ہوا یا دہشت گردی کا اندیشہ پیدا ہوا وہاں فورجی سروسز معطل کی جائیں گی، خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ نوجوان پاکستان کا قیمتی سرمایہ ہیں ان کے ساتھ مسلسل اور بامقصد مکالمہ ہی ملک کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے انہوں نے کہا کہ ریاست کے پاس مصدقہ ثبوت موجود ہیں کہ بیرون ملک ........ بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

جیسے پاکستان مخالف عناصر منظم انداز میں نوجوانوں کی منفی ذہن سازی کر رہے ہیں تاہم ایسے عناصر کی شکست یقینی ہے کیونکہ پاکستان کی بنیاد صداقت قربانی اور اتحاد پر رکھی گئی ہے یہ بات انہوں نے بدھ کو بیوٹمز یونیورسٹی کوئٹہ میں منعقدہ نیشنل یوتھ سٹ 2025 کی اختتامی تقریب سے خطاب اور طلبہ کے سوالات کے جوابات دیتے ہوئے کہی وزیراعلیٰ نے کہا کہ آج کے دور میں تصورات نے حقائق کو پیچھے چھوڑ دیا ہے ایسے میں ضروری ہے کہ نوجوان تحقیق دلیل اور سچائی کو اپنا شعار بنائیں انہوں نے کہا کہ مقبول بیانیہ کا ہونا ضروری نہیں حق پر ہونا ضروری ہے اسلامی تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ ابو جہل کا بیانیہ اس وقت مقبول ضرور تھا مگر وہ باطل پر تھا نوجوانوں کو گرینڈ ڈائیلاگ کے ذریعے حقائق سے آگاہ کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے ریاست پاکستان کا آئین مظلوم کے ساتھ کھڑا ہے جس عورت کے شوہر اور بیٹے کو موسیٰ خیل میں اس کے سامنے گولی ماری گئی ریاست اس عورت کے ساتھ ہے سرفراز بگٹی مظلوم کے ساتھ کھڑا رہے گا، وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ عوام سے وعدہ کیا تھا کہ صوبے میں احتجاج کے نام پر کوئی سڑک بند نہیں ہوگی اور آج بلوچستان کی کوئی شاہراہ بند نہیں ہم نے وعدہ پورا کیا ریاست کی رٹ بحال کر دی ایک صوبے میں خواتین کی بالیاں چھیننے والوں کو گولی مار دی جاتی ہے لیکن بلوچستان میں ہمیں ان عناصر سے مذاکرات کے بھاشن دیے جاتے ہیں جو ریاست توڑنے کے خواب دیکھتے ہیں ایسے لوگوں کے ساتھ کسی قسم کی نرمی ممکن نہیں انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت بلوچستان کے ہر ہائی اسکول کالج اور یونیورسٹی میں انٹرنیٹ کی سہولت فراہم کرے گی تاکہ نوجوان جدید تعلیم اور تحقیق سے منسلک رہیں تاہم جہاں انسانی جانوں کو خطرہ لاحق ہوا یا دہشت گردی کا اندیشہ پیدا ہوا وہاں فورجی سروسز معطل کی جائیں گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ قومی بقا کی جنگ ہے آج سرفراز بگٹی اور اس کی کابینہ دہشت گردی کے خلاف صف اول میں کھڑی ہے ہمیں سب کو کھڑا ہونا ہوگا ورنہ یہ جنگ ہر گھر تک پہنچ جائے گی انہوں نے افغان بارڈر کی صورتحال پر بات کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پر حملہ ہوگا تو افغانستان پر بھی اس کے اثرات پڑیں گے افغانستان نے قیام پاکستان کی مخالفت کی بلوچستان کے پہلے علیحدگی پسند آغا عبدالکریم کو پناہ دی اس کے باوجود ہم نے دہائیوں تک افغان مہاجرین کی میزبانی کی لیکن اب ون ڈاکیومنٹ رجیم پر عمل درآمد ناگزیر ہے جب حج اور عمرہ بغیر پاسپورٹ ویزہ کے ممکن نہیں تو غیر ملکیوں کو آزادانہ نقل و حرکت کی اجازت کیسے دی جا سکتی ہے ریاست ہر چیز سے مقدم ہے

## کوئٹہ میں صفائی اور خوبصورتی کی بحالی اولین ترجیح ہے، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صفا کوئٹہ انٹیگریٹڈ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ پروجیکٹ کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس بدھ کو وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ کوئٹہ میں ہوا جس میں مشیر برائے بلدیات نوابزادہ بابا امیر حمزہ زہری، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی زاہد سلیم، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، سیکرٹری بلدیات عبدالرؤف بلوچ، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کے سربراہ ڈاکٹر فیصل خان، ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن مجیب الرحمن قمبرانی اور ایڈیشنل سیکرٹری خزانہ سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس کے دوران کوئٹہ شہر میں صفائی کی مجموعی صورتحال، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے نظام اور صفا کوئٹہ پروجیکٹ کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ ملاقات کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صفا کوئٹہ پراجیکٹ کی کارکردگی سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)
روزنامہ انتخاب کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-4
قیمت 30 روپے ★ صفحات 6
www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com.
Quetta Ph:081-2822909
جلد نمبر 32 | جمعرات 16 اکتوبر 2025ء بمطابق 22 ربیع الثانی 1447ھ | شمارہ نمبر 283

# نوجوان ملک کا سرمایہ — ریاست توڑنے کا خواب دیکھنے والوں کیلئے کوئی نرمی نہیں، وزیراعلیٰ

## بیرون ملک بیٹھے عناصر نوجوانوں کی منفی ذہن سازی کر رہے ہیں، تصورات نے حقائق کو پیچھے چھوڑ دیا، نوجوان تحقیق، دلیل اور سچائی کو شعار بنائیں

## ریاست مظلوم کیساتھ، سرفراز بگٹی اور اسکی کابینہ دہشتگردی کیخلاف صف اول میں کھڑی ہے، ویمن پروٹیکشن فورس قائم کی جائیگی، یوتھ سمٹ کی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ نوجوان پاکستان کا قیمتی سرمایہ ہیں ان کے ساتھ مسلسل اور بامقصد مکالمہ ہی ملک کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے، انہوں نے کہا کہ ریاست کے پاس مصدقہ ثبوت موجود ہیں کہ بیرون ملک بیٹھے پاکستان مخالف عناصر منظم انداز

بقیہ نمبر 48 صفحہ 5 پر

میں نوجوانوں کی منفی ذہن سازی کر رہے ہیں تاہم ایسے عناصر کی شکست یقینی ہے کیونکہ پاکستان کی بنیاد صداقت قربانی اور اتحاد پر رکھی گئی ہے یہ بات انہوں نے بدھ کو بیوٹمز یونیورسٹی کوئٹہ میں منعقدہ نیشنل یوتھ سمٹ 2025 کی اختتامی تقریب سے خطاب اور طلبہ کے سوالات کے جوابات دیتے ہوئے کہی، وزیراعلیٰ نے کہا کہ آج کے دور میں تصورات نے حقائق کو پیچھے چھوڑ دیا ایسے میں ضروری ہے کہ نوجوان تحقیق، دلیل اور سچائی کو اپنا شعار بنائیں، انہوں نے کہا کہ مقبول بیانیہ کا ہونا ضروری نہیں، حق پر ہونا ضروری ہے۔ نوجوانوں کو گرینڈ ڈائیلاگ کے ذریعے حقائق سے آگاہ کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے، ریاست پاکستان کا آئین مظلوم کے ساتھ کھڑا ہے، جس عورت کے شوہر اور بیٹے کو موسیٰ خیل میں اس کے سامنے گولی ماری گئی ریاست اس عورت کے ساتھ ہے، سرفراز بگٹی مظلوم کے ساتھ کھڑا ہے گا، وزیراعلیٰ نے کہا کہ عوام سے وعدہ کیا تھا کہ صوبے میں احتجاج کے نام پر کوئی سڑک بند نہیں ہوگی اور آج بلوچستان کی کوئی شاہراہ بند نہیں، ہم نے وعدہ پورا کیا اور ریاست کی رٹ بحال کر دی، ایک صوبے میں خواتین کی بالیاں چھیننے والوں کو گولی ماری جاتی ہے لیکن بلوچستان میں ہمیں ان عناصر سے مذاکرات کے بھاشن دیئے جاتے ہیں جو ریاست توڑنے کے خواب دیکھتے ہیں، ایسے لوگوں کے ساتھ کسی قسم کی نرمی ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت بلوچستان کے ہر ہائی اسکول، کالج اور یونیورسٹی میں انٹرنیٹ کی سہولت فراہم کرے گی تاکہ نوجوان جدید تعلیم اور تحقیق سے منسلک رہیں تاہم جہاں انسانی جانوں کو خطرہ لاحق ہوا یا دہشت گردی کا اندیشہ پیدا ہوا وہاں فوری سروس معطل کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ قومی بقا کی جنگ ہے آج سرفراز بگٹی اور اس کی کابینہ دہشت گردی کے خلاف صف اول میں کھڑی ہے ہم سب کو کھڑا ہونا ہوگا ورنہ یہ جنگ ہر گھر تک پہنچ جائے گی۔ انہوں نے افغان بارڈر کی صورتحال پر بات کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پر حملہ ہوگا تو افغانستان پر بھی اس کے اثرات پڑیں گے افغانستان نے قیام پاکستان کی مخالفت کی بلوچستان کے پہلے طلبہ کی پسند آغا عبدالکریم کو پناہ دی اس کے باوجود ہم نے دہائیوں تک افغان مہاجرین کی میزبانی کی لیکن اب وقت آ گیا ہے کہ ون ڈاکیومنٹ رجیم پر مکمل عملدرآمد کیا جائے جب حج اور عمرہ بغیر پاسپورٹ ویزہ کے ممکن نہیں تو غیر ملکیوں کو آزادانہ نقل و حرکت کی اجازت کیسے دی جا سکتی ہے، ریاست ہر چیز سے مقدم ہے۔ انہوں نے چمن میں گزشتہ شب ہونے والے واقعے میں پاک فوج کے بہادر سپوتوں کی شہادت پر قوم کی جانب سے خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پر جب بھی چیلنج آیا پاک فوج نے اس کا ادراک کیا اور بروقت جواب دیا، فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر اور پاک فوج کے ہر افسر و سپاہی کو سلام پیش کرتا ہوں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں پوست کی کاشت پر مکمل پابندی عائد ہے اس غیر قانونی کاشت میں ملوث زمینداروں کے خلاف نہ صرف قانونی کارروائی کی جائے گی بلکہ ان کے ٹیوب ویل منہدم کیے جائیں گے اور زمینوں پر ایسا اسپرے کیا جائے گا کہ وہ دوبارہ قابل کاشت نہ رہیں۔ انہوں نے کہا کہ روزگار کے مواقع بڑھانے کے لئے پرائیویٹ سیکٹر کو آگے آنا ہوگا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی کے لئے مائنز اینڈ منرل ایکٹ کو اتفاق رائے سے اسمبلی میں دوبارہ پیش کیا گیا ہے تاکہ اس پر وسیع اتفاق رائے ہو اور قدرتی وسائل کے ثمرات براہ راست عوام تک پہنچ سکیں، انہوں نے کہا کہ صوبے کی معاشی ترقی کے لئے اسپیشل اکنامک زونز قائم کیے جا رہے ہیں جہاں سرمایہ کاروں کو سہولتیں فراہم کی جا رہی ہیں انہوں نے کہا کہ میرٹ کو یقینی بنانے کی اصلاحات کی گئی ہیں جن سے کرپشن ختم ہوگی اور نوجوانوں کا اعتماد بحال ہوگا انہوں نے کہا کہ پروپیگنڈے اور ناقص طرز حکمرانی کے باعث ریاست اور نوجوانوں کے درمیان جو خلیج پیدا کی گئی تھی ہم اسے میرٹ اور مکالمے کے ذریعے ختم کریں گے۔ وزیراعلیٰ نے اعلان کیا کہ کام کے مقامات پر خواتین اور بچیوں کو ہراسمنٹ سے محفوظ رکھنے کے لئے صوبے میں ویمن پروٹیکشن فورس قائم کی جائے گی جو فوری کارروائی اور تحفظ کو یقینی بنائے گی، سرفراز بگٹی نے اپنے خطاب کے اختتام پر کہا کہ بلوچستان اصلاحات، امن، تعلیم اور میرٹ کے سفر پر گامزن ہے ہم اپنے کاموں کی تشہیر کی بجائے وسائل عوام کی بنیادی ضروریات پر خرچ کر رہے ہیں، نوجوانوں کا عزم خواتین کا اعتماد اور عوام کا اتحاد ہی بلوچستان کی اصل طاقت ہے اور یہی ریاست پاکستان کی بنیاد ہے۔

# آغا سراج درانی جمہوریت پسند سیاستدان تھے، گورنر، وزیراعلیٰ

## سیاسی اور عوامی جدوجہد کو ہمیشہ یاد رکھا جائیگا، صادق عمرانی و دیگر رہنماؤں کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما سابق اسپیکر سندھ اسمبلی آغا سراج درانی کی وفات پر گہرے رنج و افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مرحوم ایک انتہائی شریف النفس اور جمہوریت پسند انسان تھے مرحوم کی سرانجام دینے والی گرانقدر سیاسی و سماجی خدمات کو تادیر یاد رکھا جائے گا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سینئر رہنما آغا سراج درانی ایک

بقیہ نمبر 25 صفحہ 5 پر


5 | با اصول اور باکردار سیاسی رہنما تھے جنہوں نے اپنی پوری زندگی عوامی خدمت، جمہوری روایات کے استحکام اور سیاسی برداشت کے فروغ کے لیے وقف کی ان کی سیاسی بصیرت اور عوام دوستی کو ہمیشہ احترام کے ساتھ یاد رکھا جائے گا سینئر صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی نے پارٹی کے سابق اسپیکر سندھ اسمبلی آغا سراج درانی کی وفات پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مرحوم آغا سراج درانی ایک کہنہ مشق سیاستدان تھے جنہوں نے اپنی پوری زندگی جمہوریت کی بقاء اور سندھ دھرتی کی تعمیر ترقی اور خوشحالی کیلئے صرف کی۔ دریں اثناء ارکان بلوچستان اسمبلی میر لیاقت علی لہڑی، حاجی علی مدد جتک نے الگ الگ بیانات میں کہا کہ آغا سراج درانی کا کردار نہ صرف سندھ بلکہ پورے پاکستان کی سیاست میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

# راحیلہ درانی سے گورنر، وزیراعلیٰ سمیت مختلف شخصیات کی تعزیت

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی کی والدہ کی وفات پر گہرے رنج و دکھ کا اظہار کیا ہے گورنر نے مرحومہ کی مغفرت اور پسماندگان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی کی والدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے

بقیہ نمبر 7 صفحہ 5 پر

ہوئے کہا کہ ماں جیسی عظیم ہستی کا بچھڑ جانا ایک ناقابل تلافی نقصان ہے جسے الفاظ میں بیان نہیں کیا جا سکتا دریں اثناء پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری، صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی بلوچستان صوبائی اسمبلی کی ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ، پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ، سینئر صوبائی وزیر و صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی، وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، پارلیمانی سیکرٹری برائے سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی، ایم پی ایز میر لیاقت لہڑی، حاجی علی مدد جتک، صوبائی مشیر برائے بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ زہری، بلوچستان عوامی پارٹی کی صوبائی خواتین ونگ کی صدر و رکن صوبائی اسمبلی میڈم فرح عظیم شاہ، سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق نے الگ الگ بیانات میں مرحوم کی مغفرت اور پسماندگان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔



وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی نیشنل یوتھ سمٹ کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTOR GENERAL OF RELATIONS BAL

نظامت اعلیٰ تعلقات
حکومت بلوچستان

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 302 | جمعرات 22 ربیع الثانی 16 اکتوبر 2025ء صفحات 8 قیمت 40 روپے

Bullet No. ۱

Page No. 5


# صفائی کے نظام کو موثر و پائیدار بنایا جائے، سرفراز بگٹی

## شہر کے تمام علاقوں سے کچرے کے پرانے ڈھیر مکمل طور پر صاف کیے جائیں

## شہید خلیل سالانی کے اہلخانہ سے ملاقات، ملازمت و مالی معاونت کا اعلان

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صفا کوئٹہ انٹیگریٹڈ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ پروجیکٹ کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس بدھ کو وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ کوئٹہ میں منعقد ہوا اجلاس میں مشیر برائے بلدیات نوابزادہ بابا امیر حمزہ زہری، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی زاہد سلیم، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، سیکرٹری بلدیات عبدالروف بلوچ، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کے سربراہ ڈاکٹر فیصل خان، ایڈمنسٹریٹر (باقی صفحہ 5 نمبر 18)

کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن مجیب الرحمٰن قمبرانی اور ایڈیشنل سیکرٹری خزانہ سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس کے دوران کوئٹہ شہر میں صفائی کی مجموعی صورتحال، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے نظام اور صفا کوئٹہ پروجیکٹ کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ شہر کے تمام علاقوں سے کچرے کے پرانے ڈھیر مکمل طور پر صاف کیے جائیں اور صفائی کے نظام کو موثر و پائیدار بنایا جائے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ کوئٹہ بلوچستان کا چہرہ ہے اس کی صفائی ستھرائی، خوبصورتی اور شہری سہولیات کی بہتری صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ کوئٹہ کے مرکزی شاہراہوں، مارکیٹوں، رہائشی علاقوں اور نالوں کی صفائی کے عمل میں کوئی غفلت نہ برتی جائے تاکہ شہریوں کو صحت مند اور صاف ماحول فراہم کیا جا سکے انہوں نے کہا کہ جدید مشینری، افرادی قوت اور مربوط نگرانی کے ذریعے صفائی کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے۔ صوبائی حکومت شہری سہولتوں کی بہتری کے لیے تمام ضروری وسائل فراہم کرے گی تاکہ صفا کوئٹہ پروجیکٹ کو کامیاب ماڈل کے طور پر دیگر شہروں تک وسعت دی جا سکے۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پاکستان پیپلز پارٹی کے شہید رہنما خلیل احمد سالانی کی والدہ اور بھائی نے ملاقات کی اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان نے شہید خلیل احمد سالانی کی پارٹی اور جمہوریت کے لیے خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہداء قوم کا فخر اور سرمایہ ہیں جن کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ شہید خلیل احمد سالانی نے جس عزم اور جرات کے ساتھ عوامی خدمت اور جمہوری استحکام کے لیے جدوجہد کی وہ قابل تحسین ہے ان کی قربانی کو تاریخ میں سنہری حروف سے لکھا جائے گا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر شہید خلیل احمد سالانی کے اہل خانہ کی کفالت کے لیے ایک سرکاری ملازمت اور مالی معاونت کا اعلان کیا انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان شہداء کے اہل خانہ کو اکیلا نہیں چھوڑے گی اور ان کی ہر ممکن مدد جاری رکھے گی اس موقع پر صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو، پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما سید اقبال شاہ بھی موجود تھے جنہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کے اس فیصلے کو شہداء سے محبت اور ان کے اہل خانہ سے یکجہتی کا عملی اظہار قرار دیا۔

# وزیر اعلیٰ و دیگر کی راحیلہ درانی کی والدہ، سراج درانی کی وفات پر تعزیت

## ماں جیسی ہستی کا بچھڑنا ناقابل تلافی نقصان، آغا سراج بااصول رہنما تھے، سرفراز بگٹی

## صادق عمرانی، سلیم کھوسہ، شعیب نوشیروانی، نور محمد دمڑ، خالد لونگی و دیگر کا اظہار افسوس

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی اور سینیٹرز نے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی کی والدہ اور پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما آغا سراج درانی کے انتقال پر تعزیت و افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اپنے تعزیتی بیان میں کہا کہ ماں جیسی عظیم ہستی کا بچھڑ جانا ایک ناقابل تلافی نقصان ہے جسے الفاظ میں بیان نہیں کیا جا سکتا انہوں نے مرحومہ کے بلند درجات اور مغفرت کے لیے دعا کی۔ علاوہ ازیں انہوں نے سابق اسپیکر (باقی صفحہ 5 نمبر 34)

سندھ اسمبلی اور پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما آغا سراج درانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اپنے تعزیتی بیان میں کہا کہ آغا سراج درانی ایک بااصول اور باکردار سیاسی رہنما تھے جنہوں نے اپنی پوری زندگی عوامی خدمت، جمہوری عمل کے استحکام اور سیاسی برداشت کے فروغ کے لیے وقف کی ان کی سیاسی بصیرت اور عوام دوستی کو ہمیشہ احترام کے ساتھ یاد رکھا جائے گا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے مرحوم کے درجات کی بلندی اور اہل خانہ کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ دریں اثناء سینئر صوبائی وزیر صادق عمرانی، میر سلیم کھوسہ، میر شعیب نوشیروانی، حاجی نور محمد دمڑ، بی اے پی کے صدر خالد لونگی، جان محمد جمالی، منظور کاکڑ، صادق سنجرانی، ضیاء لانگو، آغا عمر، صالح بھوتانی، نصیب اللہ مری اور دیگر رہنماؤں نے صوبائی وزیر تعلیم کی والدہ اور سندھ اسمبلی کے سابق اسپیکر آغا سراج درانی کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔

# وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی سے ڈاکٹر مالک بلوچ کی ملاقات

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے نیشنل پارٹی کے سربراہ، رکن صوبائی اسمبلی اور سابق وزیر اعلیٰ ڈاکٹر (باقی صفحہ 5 نمبر 9)

عبدالمالک بلوچ نے ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبے کی مجموعی سیاسی صورتحال، عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں، ترقیاتی حکمت عملی اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی، امن اور استحکام کے لیے تمام سیاسی جماعتوں کا کردار اہم ہے حکومت تمام اسٹیک ہولڈرز کو ساتھ لے کر صوبے کے وسیع تر مفاد میں فیصلے کر رہی ہے۔



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صفا کوئٹہ انٹی گریٹیڈ سولڈ ویسٹ مینجمنٹ پروجیکٹ کی کارکردگی سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نیشنل یوتھ سمٹ بلوچستان کی اختتامی تقریب کے موقع پر اسٹال کا معائنہ کر رہے ہیں



وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نیشنل یوتھ سمٹ بلوچستان کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

CamScanner

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA
روزنامہ باخبر کوئٹہ
بانی اکرام اللہ خان
جمعرات 16 اکتوبر 2025ء بمطابق 22 ربیع الثانی 1447ھ قیمت 20 روپے | جلد 29 | شمارہ 282

## دہشت گردی کیخلاف قومی بقا کی جنگ ہے

# ہم سب کو کھڑا ہونا ہوگا، ورنہ یہ جنگ ہر گھر تک پہنچ جائیگی، وزیراعلیٰ

ہمیں ان عناصر سے مذاکرات کے بھاشن دیے جاتے ہیں جو ریاست توڑنے کے خواب دیکھتے ہیں ایسے لوگوں کے ساتھ کسی قسم کی نرمی ممکن نہیں

**نوجوان پاکستان کا قیمتی سرمایہ ہیں ان کے ساتھ مسلسل اور بامقصد مکالمہ ہی ملک کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے نیشنل یوتھ سمٹ سے خطاب**

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ نوجوان پاکستان کا قیمتی سرمایہ ہیں ان کے ساتھ مسلسل اور بامقصد مکالمہ ہی ملک کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے انہوں نے کہا کہ ریاست کے پاس مصدقہ شواہد موجود ہیں کہ بیرون ملک بیٹھے پاکستان مخالف عناصر منظم انداز میں نوجوانوں کی منفی ذہن سازی کر رہے ہیں تاہم ایسے عناصر کی شکست یقینی ہے کیونکہ پاکستان کی بنیاد صداقت قربانی اور اتحاد پر رکھی گئی ہے یہ بات انہوں نے بدھ کو بیوٹمز یونیورسٹی کوئٹہ میں منعقدہ نیشنل یوتھ سمٹ 2025 کی اختتامی تقریب سے خطاب اور طلبہ کے سوالات کے جوابات دیتے ہوئے کی وزیراعلیٰ نے کہا کہ آج کے دور میں تصورات نے حقائق کو پیچھے چھوڑ دیا ہے ایسے میں ضروری ہے کہ نوجوان تحمل دلیل اور سچائی کو اپنا شعار بنائیں انہوں نے کہا کہ متبادل بیانیے کا ہونا ضروری نہیں حق پر ہونا ضروری ہے اسلامی تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ ابو جہل کا بیانیہ اس وقت مقبول ضرور تھا مگر وہ باطل پر تھا نوجوانوں کو گرینڈ ڈائیلاگ کے ذریعے حقائق سے آگاہ کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے ریاست پاکستان کا آئین مظلوم کے ساتھ کھڑا ہے جس عورت کے شوہر اور بیٹے کو موسیٰ خیل میں اس کے سامنے گولی ماری گئی ریاست اس عورت کے ساتھ ہے سرفراز بگٹی مظلوم کے ساتھ کھڑا رہے گا، وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ عوام سے وعدہ کیا تھا کہ صوبے میں احتجاج کے نام پر کوئی سڑک بند نہیں ہوگی اور آج بلوچستان کی کوئی شاہراہ بند نہیں ہم نے وعدہ پورا کیا ریاست کی رٹ بحال کردی ایک صوبے میں خواتین کی بالیاں چھیننے والوں کو گولی ماردی جاتی ہے لیکن بلوچستان میں ہمیں ان عناصر سے مذاکرات کے بھاشن دیے جاتے ہیں جو ریاست توڑنے کے خواب دیکھتے ہیں ایسے لوگوں کے ساتھ کسی قسم کی نرمی ممکن نہیں انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت بلوچستان کے ہر ہائی اسکول کالج اور یونیورسٹی میں انٹرنیٹ کی سہولت فراہم کرے گی تاکہ نوجوان جدید تعلیم اور تحقیق سے منسلک رہیں تاہم جہاں انسانی جانوں کو خطرہ لاحق ہوا یا دہشت گردی کا اندیشہ پیدا ہوا وہاں فوری سروسز معطل کی جائیں گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ قومی بقا کی جنگ ہے آج سرفراز بگٹی اور اس کی کابینہ دہشت گردی کے خلاف صف اول میں کھڑی ہے ہمیں سب کو کھڑا ہونا ہوگا ورنہ یہ جنگ ہر گھر تک پہنچ جائے گی انہوں نے افغان بارڈر کی صورتحال پر بات کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پر حملہ ہوگا تو افغانستان پر بھی اس کے اثرات پڑیں گے

## میرٹ پر بھرتیاں کی گئیں، 1800 سے زائد غیر حاضر اساتذہ کو برطرف کیا گیا، سرفراز بگٹی

**بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار جامع یوتھ پالیسی تیار، نوجوانوں کو فیصلہ سازی میں شامل کیا جائے گا، وزیراعلیٰ**

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نوجوانوں کے مسائل کے حل اور ان کی ترقی کے لیے سنجیدہ اور عملی اقدامات کر رہی ہے۔ نیشنل یوتھ سمٹ کوئٹہ سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے اعلان کیا کہ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار ایک جامع یوتھ پالیسی تیار کی گئی ہے جس کا مقصد نوجوانوں کو فیصلہ سازی کے عمل میں شامل کرنا اور صوبے کی ترقی میں موثر کردار ادا کرنے کا موقع دینا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان کسی بھی قوم کا مستقبل ہوتے ہیں، اس لیے ان کی حوصلہ افزائی، رہنمائی اور صلاحیتوں کے درست استعمال کو یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت نہ صرف تعلیم بلکہ روزگار اور کاروباری مواقع کی فراہمی کے لیے بھی جامع منصوبے بنا چکی ہے، ہنرمندی پر مبنی پروگرام شروع کیے گئے ہیں تاکہ نوجوان ملکی و عالمی سطح پر مسابقت کے قابل بن سکیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دنیا اب ڈگری نہیں بلکہ اسکل کی بنیاد پر آگے بڑھ رہی ہے، ہمیں اپنے نوجوانوں کو بدلتی دنیا کا مقابلہ کرنے کے قابل بنانا ہوگا۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سنگاہ کوئٹہ پروجیکٹ کی کارکردگی سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECT
GENERAL
RELATIONS

نظامت اعلیٰ
حکومت

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی
صدیق بلوچ

Bullet No. 1

Page No. 7

جلد نمبر-24 | جمعرات 16 اکتوبر 2025ء بمطابق 22 ربیع الثانی 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-282


# ریاست کو توڑنے کا خواب دیکھنے والوں کیساتھ کوئی نرمی ممکن نہیں

سرفراز بگٹی

## دہشت گردی کے خلاف جنگ قومی بقا کی جنگ ہے، نوجوان پاکستان کا قیمتی سرمایہ ہیں ان کے ساتھ مسلسل اور بامقصد مکالمہ ہی ملک کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے

## جب حج اور عمرہ بغیر پاسپورٹ ویزہ کے ممکن نہیں تو غیر ملکیوں کو آزادانہ نقل و حرکت کی اجازت کیسے دی جاسکتی ہے ریاست ہر چیز سے مقدم ہے، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ نوجوان پاکستان کا قیمتی سرمایہ ہیں ان کے ساتھ مسلسل اور بامقصد مکالمہ ہی ملک کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے انہوں نے کہا کہ ریاست کے پاس مصدقہ ثبوت موجود ہیں کہ بیرون ملک بیٹھے (بقیہ نمبر 15 صفحہ نمبر 2 پر)

پاکستان مخالف عناصر منظم انداز میں نوجوانوں کی منفی ذہن سازی کررہے ہیں تاہم ایسے عناصر کی شکست یقینی ہے کیونکہ پاکستان کی بنیاد صداقت قربانی اور اتحاد پر رکھی گئی ہے یہ بات انہوں نے بدھ کو بیوٹمز یونیورسٹی کوئٹہ میں منعقدہ نیشنل یوتھ سمٹ 2025 کی اختتامی تقریب سے خطاب اور طلبہ کے سوالات کے جوابات دیتے ہوئے کہی وزیراعلیٰ نے کہا کہ آج کے دور میں تصورات نے حقائق کو پیچھے چھوڑ دیا ہے ایسے میں ضروری ہے کہ نوجوان تحقیق دلیل اور سچائی کو اپنا شعار بنائیں انہوں نے کہا کہ مقبول بیانیہ کا ہونا ضروری نہیں حق پر ہونا ضروری ہے اسلامی تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ ابوجہل کا بیانیہ اس وقت مقبول ضرور تھا مگر وہ باطل پر تھا نوجوانوں کو گرینڈ ڈائیلاگ کے ذریعے حقائق سے آگاہ کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے ریاست پاکستان کا آئین مظلوم کے ساتھ کھڑا ہے جس عورت کے شوہر اور بیٹے کو موسیٰ خیل میں اس کے سامنے گولی ماری گئی ریاست اس عورت کے ساتھ ہے سرفراز بگٹی مظلوم کے ساتھ کھڑا رہے گا، وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ عوام سے وعدہ کیا تھا کہ صوبے میں احتجاج کے نام پر کوئی سڑک بند نہیں ہوگی اور آج بلوچستان کی کوئی شاہراہ بند نہیں ہم نے وعدہ پورا کیا ریاست کی رٹ بحال کردی ایک صوبے میں خواتین کی بالیاں چھیننے والوں کو گولی مار دی جاتی ہے لیکن بلوچستان میں ہمیں ان عناصر سے مذاکرات کے بھاشن دیے جاتے ہیں جو ریاست توڑنے کے خواب دیکھتے ہیں ایسے لوگوں کے ساتھ کسی قسم کی نرمی ممکن نہیں انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت بلوچستان کے ہر ہائی اسکول کالج اور یونیورسٹی میں انٹرنیٹ کی سہولت فراہم کرے گی تاکہ نوجوان جدید تعلیم اور تحقیق سے منسلک رہیں تاہم جہاں انسانی جانوں کو خطرہ لاحق ہوا یا دہشت گردی کا اندیشہ پیدا ہوا وہاں فوری سروسز معطل کی جائیں گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ قومی بقا کی جنگ ہے آج سرفراز بگٹی اور اس کی کابینہ دہشت گردی کے خلاف صف اول میں کھڑی ہے ہمیں سب کو کھڑا ہونا ہوگا ورنہ یہ جنگ ہر گھر تک پہنچ جائے گی انہوں نے افغان بارڈر کی صورتحال پر بات کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پر حملہ ہوگا تو افغانستان پر بھی اس کے اثرات پڑیں گے افغانستان نے قیام پاکستان کی مخالفت کی بلوچستان کے پہلے علیحدگی پسند آغا عبدالکریم کو پناہ دی اس کے باوجود ہم نے دہائیوں تک افغان مہاجرین کی میزبانی کی لیکن اب ون ڈاکیومنٹ رجیم پر عمل درآمد ناگزیر ہے جب حج اور عمرہ بغیر پاسپورٹ ویزہ کے ممکن نہیں تو غیر ملکیوں کو آزادانہ نقل و حرکت کی اجازت کیسے دی جاسکتی ہے ریاست ہر چیز سے مقدم ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ ریاست کے پاس مصدقہ شواہد ہیں کہ بلوچ علیحدگی پسند رہنما افغانستان میں موجود ہیں




کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سابق وزیراعلیٰ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ ملاقات کررہے ہیں

# وزیراعلیٰ بلوچستان نے کوئٹہ میں صفائی کے نظام کو مؤثر و پائیدار بنانے کی ہدایت کردی

## شہر کے تمام علاقوں سے کچرے کے پرانے ڈھیر مکمل طور پر صاف کیے جائیں، سرفراز بگٹی

کوئٹہ، (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت صفا کوئٹہ انٹیگریٹڈ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ پروجیکٹ کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس بدھ کو وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ (بقیہ نمبر 37 صفحہ نمبر 2 پر)

کوئٹہ میں منعقد ہوا اجلاس میں مشیر برائے بلدیات نوابزادہ بابا امیر حمزہ زہری، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی زاہد سلیم، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، سیکرٹری بلدیات عبدالروف بلوچ، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کے سربراہ ڈاکٹر فیصل خان، ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن مجیب الرحمن قمبرانی اور ایڈیشنل سیکرٹری خزانہ سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس کے دوران کوئٹہ شہر میں صفائی کی مجموعی صورتحال، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے نظام اور صفا کوئٹہ پروجیکٹ کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ شہر کے تمام علاقوں سے کچرے کے پرانے ڈھیر مکمل طور پر صاف کیے جائیں اور صفائی کے نظام کو مؤثر و پائیدار بنایا جائے وزیراعلیٰ نے کہا کہ کوئٹہ بلوچستان کا چہرہ ہے، اس کی صفائی ستھرائی، خوبصورتی اور شہری سہولیات کی بہتری صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ کوئٹہ کے مرکزی شاہراہوں، مارکیٹوں، رہائشی علاقوں اور نالوں کی صفائی کے عمل میں کوئی غفلت نہ برتی جائے، تاکہ شہریوں کو صحت مند اور صاف ماحول فراہم کیا جاسکے انہوں نے کہا کہ جدید مشینری، افرادی قوت اور مربوط نگرانی کے ذریعے صفائی کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے۔ صوبائی حکومت شہری سہولتوں کی بہتری کے لیے تمام ضروری وسائل فراہم کرے گی تاکہ صفا کوئٹہ پروجیکٹ کو کامیاب ماڈل کے طور پر دیگر شہروں تک وسعت دی جاسکے۔



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی صفا کوئٹہ انٹیگریٹڈ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ پروجیکٹ کی کارکردگی سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

CS CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6

روزنامہ میزان کوئٹہ
بانی: مولانا عبد الکریم
بیاد: جمیل الرحمن
چیف ایڈیٹر: برکت علی

جلد 77 | جمعرات 16 اکتوبر 2025ء، 22 ربیع الثانی 1447ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 45

# کوئٹہ شہر میں صفائی کے نظام کو موثر و پائیدار بنایا جائے، وزیر اعلیٰ کی ہدایت

## شہر کے تمام علاقوں سے کچرے کے پرانے ڈھیر مکمل طور پر صاف کیے جائیں، کوئٹہ بلوچستان کا چہرہ ہے، اس کی صفائی ستھرائی، خوبصورتی اور شہری سہولیات کی بہتری صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے

## کوئٹہ کے مرکزی شاہراہوں، مارکیٹوں، رہائشی علاقوں اور نالوں کی صفائی کے عمل میں کوئی غفلت نہ برتی جائے، تاکہ شہریوں کو صحت مند اور صاف ماحول فراہم کیا جا سکے، وزیر اعلیٰ کی اجلاس میں ہدایات

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صفا کوئٹہ اینگرینڈ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ پروجیکٹ کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس بدھ کو وزیر اعلیٰ سیکریٹریٹ کوئٹہ میں منعقد ہوا اجلاس میں مشیر برائے بلدیات نوابزادہ بابا امیر حمزہ زہری، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی زاہد سلیم، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، سیکرٹری بلدیات (بقیہ 6 صفحہ 2 پر)

(بقیہ 6 صفحہ 2 پر)

عبدالروف بلوچ، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کے سربراہ ڈاکٹر فیصل خان، ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن مجیب الرحمن قمرانی اور ایڈیشنل سیکرٹری خزانہ سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس کے دوران کوئٹہ شہر میں صفائی کی مجموعی صورتحال، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے نظام اور صفا کوئٹہ پروجیکٹ کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ شہر کے تمام علاقوں سے کچرے کے پرانے ڈھیر مکمل طور پر صاف کیے جائیں اور صفائی کے نظام کو موثر و پائیدار بنایا جائے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ کوئٹہ بلوچستان کا چہرہ ہے، اس کی صفائی ستھرائی، خوبصورتی اور شہری سہولیات کی بہتری صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ کوئٹہ کے مرکزی شاہراہوں، مارکیٹوں، رہائشی علاقوں اور نالوں کی صفائی کے عمل میں کوئی غفلت نہ برتی جائے، تاکہ شہریوں کو صحت مند اور صاف ماحول فراہم کیا جا سکے انہوں نے کہا کہ جدید مشینری، افرادی قوت اور مربوط نگرانی کے ذریعے صفائی کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے۔ صوبائی حکومت شہری سہولتوں کی بہتری کے لیے تمام ضروری وسائل فراہم کرے گی تاکہ صفا کوئٹہ پروجیکٹ کو کامیاب ماڈل کے طور پر دیگر شہروں تک وسعت دی جا سکے۔



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ ملاقات کر رہے ہیں



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صفا کوئٹہ اینگرینڈ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ پروجیکٹ کی کارکردگی سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIREC
GENERAL
RELATIONS

نظامت اعلیٰ
حکومت

Bullet No. 1

Page No. 9

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال

چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 80 | جمعرات 16 اکتوبر 2025ء، 22 ربیع الثانی 1447ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 283

وزیراعلیٰ بلوچستان

# دہشتگردی کیخلاف جنگ قومی بقا کیلئے ہے

## نوجوان پاکستان کا قیمتی سرمایہ ہیں ان کے ساتھ مسلسل اور بامقصد مکالمہ ہی ملک کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے، میر سرفراز بگٹی

**کوئٹہ بلوچستان کا چہرہ ہے، اس کی صفائی ستھرائی، خوبصورتی اور شہری سہولیات کی بہتری صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے**



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صفا کوئٹہ اتھارٹی کے سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کی کارکردگی سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن، ص ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ نوجوان پاکستان کا قیمتی سرمایہ ہیں ان کے ساتھ مسلسل اور بامقصد مکالمہ ہی ملک کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے انہوں نے کہا کہ ریاست کے پاس صدقہ ثبوت موجود ہیں کہ بیرون ملک بیٹھے پاکستان مخالف عناصر منظم انداز میں نوجوانوں کی منفی ذہن سازی کر رہے ہیں تاہم ایسے عناصر کی شکست یقینی ہے کیونکہ پاکستان کی بنیاد صداقت قربانی اور اتحاد پر رکھی گئی ہے یہ بات انہوں نے بدھ کو بیوٹمز یونیورسٹی کوئٹہ میں منعقدہ نیشنل یوتھ سمٹ 2025 کی اختتامی تقریب سے خطاب اور طلبہ کے سوالات کے جوابات دیتے ہوئے کہی وزیراعلیٰ نے کہا کہ آج کے دور میں تصورات نے حقائق کو پیچھے چھوڑ دیا ہے ایسے میں ضروری ہے کہ نوجوان تحقیق دلیل اور سچائی کو اپنا شعار بنائیں انہوں نے کہا کہ مقبول بیانیہ کا ہونا ضروری نہیں حق پر ہونا ضروری ہے اسلامی تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ ابو جہل کا بیانیہ اس وقت مقبول ضرور تھا مگر وہ باطل پر تھا نوجوانوں کو گرینڈ ڈائیلاگ کے ذریعے حقائق سے آگاہ کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے ریاست پاکستان کا آئین مظلوم کے ساتھ کھڑا ہے جس عورت کے شوہر اور بیٹے کو موسیٰ خیل میں اس کے سامنے گولی ماری گئی ریاست اس عورت کے ساتھ ہے سرفراز بگٹی مظلوم کے ساتھ کھڑا رہے گا، وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ عوام سے وعدہ کیا تھا کہ صوبے میں احتجاج کے نام پر کوئی سڑک بند نہیں ہوگی اور آج بلوچستان کی کوئی شاہراہ بند نہیں ہم نے وعدہ پورا کیا ریاست کی رٹ بحال کردی ایک صوبے میں خواتین کی بالیاں چھینے والوں کو گولی ماردی جاتی ہے لیکن بلوچستان میں ہمیں ان عناصر سے مذاکرات کے بھاشن دیے جاتے ہیں جو ریاست توڑنے کے خواب دیکھتے ہیں ایسے لوگوں کے ساتھ کسی قسم کی نرمی ممکن نہیں انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت بلوچستان کے ہر ہائی اسکول کالج اور یونیورسٹی میں انٹرنیٹ کی سہولت فراہم کرے گی تاکہ نوجوان جدید تعلیم اور تحقیق سے منسلک رہیں تاہم جہاں انسانی جانوں کو خطرہ لاحق ہوا یا دہشت گردی کا اندیشہ پیدا ہوا وہاں فوری سروسز معطل کی جائیں گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ قومی بقا کی جنگ ہے آج سرفراز بگٹی اور اس کی کابینہ دہشت گردی کے خلاف صف اول میں کھڑی ہے ہمیں سب کو کھڑا ہونا ہوگا ورنہ یہ جنگ ہر گھر تک پہنچ جائے گی انہوں نے افغان بارڈر کی صورتحال پر بات کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پر حملہ ہوگا تو افغانستان پر بھی اس کے اثرات پڑیں گے افغانستان نے قیام پاکستان کی مخالفت کی بلوچستان کے پہلے علیحدگی پسند آغا عبدالکریم کو پناہ دی اس کے باوجود ہم نے دہائیوں تک افغان مہاجرین کی میزبانی کی لیکن اب ون ڈاکیومنٹ رجیم پر عمل درآمد ناگزیر ہے جب حج اور عمرہ بغیر پاسپورٹ ویزہ کے ممکن نہیں تو غیر ملکیوں کو آزادانہ نقل و حرکت کی اجازت کیسے دی جاسکتی ہے، ریاست ہر چیز سے مقدم ہے۔

# Balochistan Times

92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1250 QUETTA Thursday October 16, 2025 / Rabi' al-Thani 22, 1447 Rs


# CM inspires youth at National Youth Summit 2025

## Appreciates creative abilities, scientific efforts of youth



**Staff Report**

**QUETTA:** Chief Minister Balochistan Mir Sarfaraz Bugti inspected the scientific, cultural, artistic, and creative stalls set up by students of various universities on the occasion of the National Youth Summit 2025 at the BUITEMS University Quetta on Wednesday.

On this occasion, the Chief Minister appreciated the creative abilities and scientific efforts of the youth and said that the youth of Balochistan possess immense talent and can play a significant role in the development of the country if provided with opportunities and guidance. The Chief Minister obtained information from the students present at various stalls about their projects and research works. The students informed the Chief Minister about the aims and objectives of their stalls and innovative ideas. He encouraged them and said that the provincial government will continue to provide all possible support for the promotion of creative and academic activities of the youth. On this occasion, the Chief Minister was accompanied by Advisor on Sports and Youth Affairs Mina Majeed Baloch, Provincial Minister Mir Asim Kurd Gilo, Members of Provincial Assembly Mir Zabid Ali Reki and Mir Barkat Rind, Chief Secretary Balochistan Shakeel Qadir Khan, and other senior officials.

Moreover, Chief Minister Mir Sarfraz Bugti has voiced strong dissatisfaction over the sluggish pace of the Chief Minister's Youth Skills Development Program, directing immediate measures to accelerate its implementation and improve outcomes.

Chairing a high-level review meeting at the Chief Minister's Secretariat, CM Bugti was briefed on the program's current status, recruitment efforts, and overseas placement of trained youth. The meeting was attended by Provincial Advisor for Labor and Manpower Sardar Ghulam Rasool Umrani, Chief Secretary Shakeel Qadir Khan, Secretaries of Labor and Finance, MD B-TEVTA Tariq Javed Mengal, representatives of the consulting firm, and other senior officials.

Expressing disappointment with the limited number of youth placed abroad and the overall slow progress, CM Sarfraz Bugti emphasized the strategic importance of the initiative.

"This project is vital for the future of Balochistan's youth. Any delay is unacceptable," he added, urging authorities to fast-track the recruitment process and expand international employment opportunities for trained individuals.

To improve the quality and transparency of recruitment and training, the government will onboard additional reputable national and international firms.

CM Sarfraz Bugti also pointed out the performance of B-TEVTA and existing consultants, instructing them to significantly enhance their efforts and deliver visible progress.

Reaffirming the government's commitment to youth empowerment, CM Bugti highlighted the broader goals of the program: equipping young people with modern skills, boosting their confidence, and fostering economic independence.

He clarified that overseas employment is just one aspect of the initiative, which ultimately aims to strengthen both provincial and national economies through a skilled workforce.

The Chief Minister Sarfraz concluded by issuing firm directives to eliminate all bottlenecks and present tangible results at the next review meeting.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. ۱

Dated: 16 OCT 2025

Page No. ۱۲


## صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی کی والدہ انتقال کر گئیں

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی کی والدہ انتقال کر گئیں وہ عبدالحمید خان درانی مرحوم کی بیوہ، مرحوم سردار عبدالمجید خان درانی کی دختر، سابق ڈی جی پی ڈی اے رضوان حمید خان درانی، سابق ڈائریکٹر کالجز پروفیسر رابعہ حمید درانی، سابق پرنسپل جناح ٹاؤن گرلز کالج پروفیسر روبینہ حمید درانی، سابق چیف انجینئر واسا عمران حمید درانی کی والدہ، مرحوم سردار خالد درانی، سردار اسد درانی، مرحومہ ذکیہ درانی، ڈاکٹر غزالہ درانی، یاسمین درانی اور فریدہ درانی کی ہمشیرہ اور سابق گورنر بریگیڈیئر ریٹائرڈ عبدالرحیم درانی کی کزن تھیں ان کی نماز جنازہ گزشتہ روز ادا کی گئی جس میں وزراء اراکین قومی و صوبائی اسمبلی قبائلی سیاسی سماجی عمائدین، علما، وکلا، ڈاکٹرز سمیت مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والوں نے شرکت کی مرحومہ کی فاتحہ خوانی درانی ہاؤس 28A اسٹیشن روڈ نزد کمشنر آفس کوئٹہ میں جاری ہے جبکہ رسم سوئم بروز جمعہ 17 اکتوبر کو ہوگی۔

## حکومت نوجوانوں کی فلاح، تعلیم، روزگار کیلئے اقدامات کر رہی ہے، مینا مجید

### آج کے زمانے میں جنگ بندوق نہیں خیالات اور پروپیگنڈے سے لڑی جا رہی ہے، خطاب

کوئٹہ (ط ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان مینا مجید بلوچ نے کہا ہے کہ نوجوان قوم کا اصل سرمایہ اور مستقبل کے معمار ہیں جن کی توانائی، جذبہ اور وژن ہی بلوچستان اور پاکستان کی ترقی کی ضمانت ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیشنل یوتھ سمٹ 2025 کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا مینا مجید بلوچ نے کہا کہ یوتھ سمٹ محض ایک تقریب نہیں بلکہ ہمارے نوجوانوں کے عزم، حوصلے اور صلاحیتوں کا مظہر ہے انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبائی حکومت نوجوانوں کی فلاح، تعلیم، روزگار اور تربیت کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے تاکہ انہیں ترقی کے یکساں مواقع فراہم کیے جا سکیں انہوں نے کہا کہ ہم ایک ایسے دور میں جی رہے ہیں جہاں دنیا تیزی سے بدل رہی ہے ہر ریاست پاکستان اور خصوصاً حکومت بلوچستان سمجھتی ہے کہ اس بدلتی دنیا میں ہمارا سب سے قیمتی سرمایہ ہمارے نوجوان ہیں اس لیے ہمارا فرض ہے کہ ہم نوجوانوں کو صرف تعلیم ہی نہیں بلکہ شعور، ہنر اور سمت بھی دیں تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر معاشرے کی تعمیر میں کردار ادا کر سکیں انہوں نے کہا کہ آج کے زمانے میں دشمن کی جنگ بندوقوں سے نہیں بلکہ خیالات اور پروپیگنڈے سے لڑی جا رہی ہے بعض قوتیں نوجوانوں کے ذہنوں میں ریاست کے خلاف بے چینی پیدا کرنے کی کوششوں میں مصروف ہیں لیکن ہمیں یاد رکھنا چاہیے کہ ریاست دشمن نہیں بلکہ ماں ہے جو اپنے نوجوانوں کے خوابوں کو تعبیر دینے کے لیے مواقع فراہم کر رہی ہے۔

## سوشل میڈیا پر میرے خلاف پروپیگنڈا سوچی سمجھی سازش ہے، علی حسن زہری

### راؤ انوار، اسحاق لاشاری اور دیگر افراد کے خلاف پیکا ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کروا دیا

حب (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر مرکزی رہنما، ترجمان صدر آصف علی زرداری و صوبائی وزیر زراعت و کوآپریٹو میر علی حسن زہری نے کہا ہے کہ سوشل میڈیا پر ان کے خلاف کیا جانے والا پروپیگنڈہ اور جعلی کمپین ایک سوچی سمجھی سازش ہے جسے ہم یکسر مسترد کرتے ہیں۔ اس جھوٹ پر مبنی من گھڑت کمپین کا مقصد عدالتوں میں چلنے والے مقدمات پر اثر انداز ہونا ہے لیکن مخالفین کی یہ جعلی ترکیبیں کسی کام نہیں آئیں گی اور راؤ انوار و اسحاق لاشاری ساتھیوں سمیت قرار واقعی سزا پائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر جھوٹی، گمراہ کن اور کردار کشی پر مبنی ویڈیوز چلائی گئیں۔ ان پروگراموں میں انہیں لینڈ گریبر، سیاسی اثر استعمال کرنے والا اور دیگر الزامات کے ساتھ پیش کیا گیا، اس جعلی کمپین کے خلاف میر علی حسن زہری کے نمائندے اور فہیم علی اصغر زہری کی مدعیت میں پیکا ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کروایا گیا ہے۔ ایف آئی آر میں راؤ انوار، اسحاق لاشاری، فرحان ملک، اسامہ الطاف، حسن بخشی، نسیم کاظم رضوی، مرید دلاری اور دیگر افراد کے نام شامل ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ یہ کمپین دراصل ماضی کے ان ہی دشمن عناصر کی کارستانی ہے جو ان کے خلاف سنگین اور مجرمانہ کارروائیوں میں ملوث رہے ہیں میر علی حسن زہری نے الزام لگایا کہ دراصل اس وقت کے بدنام زمانہ ایس ایس پی راؤ انوار نے میرے بیرون ملک ہونے کے دوران میرے سسر (گریڈ 21 کے سرکاری افسر) ممتاز شیخ کو ان کے گھر کے باہر سرکاری اہلکاروں سے نشانہ بنایا۔ اس واقعے کے سلسلے میں مختلف مقدمات معزز عدالتوں میں دائر کیے گئے۔ ابتدائی سماعتیں سندھ میں ہوئیں، تاہم شواہد اور سکیورٹی خدشات کے باعث بعد ازاں مقدمات کو بلوچستان منتقل کر دیا گیا، جہاں اب ان پر کارروائی جاری ہے۔

# MASHRIQ QUETTA

## آغا سراج درانی باصول، تجربہ کار سیاستدان تھے' نور محمد دمڑ

### سابق سپیکر سندھ اسمبلی نے جمہوریت کے کیلئے نمایاں کردار ادا کیا' صوبائی وزیر

کوئٹہ (ط ن) صوبائی وزیر خوراک و چیئرمین بلوچستان عوامی اتحاد حاجی نور محمد خان دمڑ نے سابق اسپیکر سندھ اسمبلی و پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما آغا سراج درانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے تعزیتی بیان میں کہا کہ آغا سراج درانی ایک باصول، تجربہ کار اور عوام دوست سیاستدان تھے جنہوں نے جمہوریت کے استحکام اور عوامی خدمت کیلئے نمایاں کردار ادا کیا انہوں نے کہا کہ مرحوم کی سیاسی و عوامی خدمات ہمیشہ یاد ........ بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

رکھی جائیں گی اور ان کا خلا عرصہ دراز تک محسوس کیا جاتا رہے گا حاجی نور محمد دمڑ نے مرحوم کے اہل خانہ، عزیز و اقارب اور پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالی مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

## آغا سراج درانی نے زندگی کا بڑا حصہ عوامی خدمت کیلئے وقف کیا' میر لیاقت لہڑی

### سابق سندھ اسمبلی کے سپیکر نے ہمیشہ قانون کی حکمرانی کیلئے کام کیا' پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ، میر لیاقت علی لہڑی نے سندھ اسمبلی کے سابق اسپیکر آغا سراج درانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے انہوں نے کہا کہ آغا سراج درانی نے اپنی زندگی کا بڑا حصہ جمہوری اقدار کے فروغ اور عوامی خدمت میں وقف کیا ان کی قیادت میں سندھ اسمبلی نے کئی ا........ بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

ہم فیصلے کیے اور انہوں نے ہمیشہ قانون کی حکمرانی کو مضبوط بنانے کیلئے کام کیا میر لیاقت علی لہڑی نے کہا کہ آغا سراج درانی کا سیاسی سفر خدمت خلق اور عوامی فلاح کا روشن مثال وہ ایک ایسے رہنما تھے جنہوں نے ہمیشہ اپنے اصولوں پر قائم رہ کر سیاسی میدان میں عزت و وقار حاصل کیا ان کی وفات سے نہ صرف پاکستان پیپلز پارٹی بلکہ پورے صوبے میں ایک بڑا خلا پیدا ہو گیا ہے۔ انہوں نے مرحوم کے اہل خانہ سے تعزیت کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالی مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا اور ان کے اہل خانہ کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

## مرحوم آغا سراج درانی ایک کہنہ مشق سیاستدان تھے' صادق عمرانی

### مرحوم نے اپنی زندگی جمہوریت کی بقاء' سندھ کی تعمیر ترقی کیلئے صرف کی' سینئر صوبائی وزیر

کوئٹہ (ط ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن، پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے پارٹی کے سینئر رہنما اور سابق اسپیکر سندھ اسمبلی آغا سراج درانی کی وفات پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے ایک تعزیتی پیغام میں کہا کہ مرحوم آغا سراج درانی ایک کہنہ مشق سیاستدان تھے جنہوں نے اپنی پوری زندگی جمہوریت کی بقاء اور سندھ دھرتی کی تعمیر ترقی اور خوشحالی کیلئے صرف کی، انہوں نے کہا کہ ........ بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

مرحوم جمہوریت پسند سوچ کے حامل نرم مزاج انسان تھے جنہوں نے مشکل حالات کے باوجود پیپلز پارٹی کے منشور پر کاربند رہتے ہوئے جمہوریت کے فروغ اور ملک کی تعمیر و ترقی میں اہم کردار ادا کیا، میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ آغا سراج درانی کی وفات سے پیپلز پارٹی ایک سچے اور مخلص رہنماء سے محروم ہوا، انہوں نے کہا کہ آغا سراج درانی کی ملکی و پارٹی خدمات کو تادیر یاد رکھا جائے گا، میر محمد صادق عمرانی نے دعا کی کہ اللہ تعالی مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 16 OCT 2025 Page No. 12

# ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی کرکے گنداخہ کو مثالی تحصیل بنائیں گے، فیصل جمالی

## صوبائی وزیر کی عوامی نمائندوں، سیاسی و سماجی شخصیات سے گفتگو، مسائل کے حل کیلئے متعلقہ افسران کو ہدایات دیں

گنداوہ (پ ر) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک بلوچستان سردارزادہ فیصل خان جمالی گنداوہ اور گردو نواح کے عوام محنت کش، باصلاحیت اور باعزت لوگ ہیں، ان کے مسائل حل کرنا ہماری ذمہ داری ہے تحصیل گنداوہ میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے ترقیاتی منصوبے جاری ہیں جس کی میں خود نگرانی کروں گا تاکہ عوامی توقعات کے مطابق نتائج حاصل ہوں اور گنداوہ ایک مثالی اور ترقی یافتہ تحصیل بن سکے ان خیالات کا اظہار انہوں نے تحصیل گنداوہ کے تفصیلی دورے کے دوران مختلف مقامات پر گفتگو کرتے ہوئے کیا جہاں انہوں نے عوامی نمائندوں، سیاسی و سماجی شخصیات، اور معززین علاقہ سے ملاقاتیں کیں اور جاری ترقیاتی کاموں، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور عوامی مسائل کے حل کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران سردارزادہ فیصل خان جمالی کے ہمراہ مقامی عمائدین اور لائیو اسٹاک محکمے کے افسران بھی موجود تھے۔ وزیر موصوف نے عوامی شکایات کے ازالے، پینے کے پانی، بجلی، صفائی، صحت اور

بقیہ نمبر 28 صفحہ 5 پر

تعلیم کے مسائل پر متعلقہ محکموں کو فوری اقدامات کی ہدایت جاری کی۔

# قیصر واہ کی بھل صفائی سے زمینداروں کو فائدہ ہوگا' سردار کوہیار ڈومکی

## خریف سیزن میں ٹیل تک پانی کی فراہمی سے زرعی قلت آب پر قابو پالیں گے' صوبائی وزیر

کچھی (پ ر) صوبائی وزیر صنعت و تجارت سردار کوہیار خان کے خصوصی فنڈز سے قیصر واہ کی بھل صفائی کا کام جاری ہے۔ خریف کے سیزن میں زمینداروں کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے پانی کی قلت پر قابو پانے اور ٹیل کے زمینداروں تک پانی کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے کام ہنگامی بنیادوں پر ہو رہا ہے صوبائی وزیر نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ قیصر واہ کی صفائی کا کام مقامی زمینداروں کا اہم مسئلہ تھا جس کو حل کر دیا ہے۔ قیصر واہ کے بھل صفائی سے پانی کی قلت پر قابو پایا جائے گا اور ٹیل تک پانی پہنچے گا۔

CamScanner

## دورِ حاضر میں میڈیا کے مثبت کردار سے انکار ممکن نہیں، آئی جی پولیس

### صحافی معاشرے کی آنکھ اور کان کی حیثیت رکھتے ہیں، عصرانے سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) صحافی معاشرے کی آنکھ اور کان کی حیثیت رکھتے ہیں، جو معاشرتی مسائل کی نشاندہی اور ان کے حل میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نے سینٹرل پولیس آفس میں کوئٹہ پریس کلب کے صدر عرفان سعید کی قیادت میں سینئر صحافیوں کے اعزاز میں دیئے گئے عصرانے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نے بلوچستان کے صحافیوں کے طرز عمل کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ صحافیوں کے مثبت طرز عمل سے معاشرے میں گمراہ کن عناصر کی حوصلہ شکنی ہوتی ہے میڈیا ایک منظم معاشرے کی تکمیل میں اہم کردار ادا کرتا ہے دورِ حاضر میں میڈیا کے مثبت رول سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ اس موقع پر میڈیا کوارڈینیٹر ٹو آئی جی پولیس بلوچستان مس رابعہ طارق بھی موجود تھیں۔ آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نے نومنتخب صدر کوئٹہ پریس کلب عرفان سعید کو مبارکباد پیش کی۔

## بلوچستان کے چھ ڈویژنز میں لیویز کو پولیس میں ضم کر دیا گیا

### کوئٹہ، ژوب، مکران، رخشان، نصیر آباد اور قلات ڈویژن کے بی ایریاز اے ایریا میں تبدیل

### صوبائی کابینہ کی منظوری کے بعد محکمہ داخلہ بلوچستان نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) حکومت بلوچستان نے صوبے کے چھ ڈویژن کو اے ایریا قرار دیتے ہوئے لیویز ورس کو پولیس میں ضم کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا محکمہ ذرائع کے مطابق محکمہ داخلہ نے حکومت بلوچستان سے درخواست کی تھی کہ بی ایریاز کو اے ایریاز قرار دیا جائے جس پر گزشتہ روز کابینہ کے اجلاس میں محکمہ داخلہ کی درخواست پر غور کرتے ہوئے کابینہ نے متفقہ طور پر صوبے کے چھ ڈویژن کوئٹہ، ژوب، مکران، رخشان، نصیر آباد، اور قلات ڈویژن کو اے ایریا قرار دیتے ہوئے لیویز فورس کو پولیس میں ضم کرنے کی منظوری دیدی صوبائی کابینہ کی منظوری کے بعد محکمہ داخلہ نے کوئٹہ، ژوب، مکران، رخشان، نصیر آباد، اور قلات ڈویژن کے اے ایریا لیویز فورس کو پولیس میں ضم کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔

## گوادر، پاک چائنا ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل انسٹیٹیوٹ کا پہلا بیچ چین پہنچ گیا

گوادر (خ ن) چین پاکستان اقتصادی راہداری (CPEC) کے تحت تعلیمی تعاون کے ایک تاریخی سنگ میل کے طور پر یونیورسٹی آف گوادر کے پاک چائنا ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل انسٹیٹیوٹ (PCT&VI) کا پہلا بیچ کامیابی کے ساتھ چین پہنچ گیا ہے۔ یہ طلبہ اب شین ڈونگ انسٹیٹیوٹ آف کامرس اینڈ ٹیکنالوجی (SICT) میں اپنی فنی و تکنیکی تعلیم کا سلسلہ جاری رکھیں گے۔ طلبہ اپنے تین سالہ ایسوسی ایٹ ڈپلومہ پروگرام کے بقیہ ڈیڑھ سالہ مرحلے کو چین میں مکمل کریں گے۔ یہ اقدام گوادر کے نوجوانوں کو عالمی معیار کی فنی اور پیشہ ورانہ مہارتوں سے آراستہ کرنے کی سمت ایک اہم قدم ہے۔

## پاک افغان کشیدگی، چمن کے شہریوں کو نقل مکانی کی ہدایت

### ایک کلومیٹر کا علاقہ خالی کرنے کا حکم، افغان مہاجرین محفوظ مقام پر منتقل

کوئٹہ (این این آئی) پاک افغان سرحد پر موجودہ صورتحال کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ نے شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے پیش نظر سرحد کے قریب 1 کلومیٹر کے اندر رہائش پذیر تمام افراد کو عارضی طور پر محفوظ مقامات پر منتقل ہونے کی ہدایت کردی۔ بدھ کو ڈپٹی سنٹر چمن کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق پاک افغان سرحد پر موجودہ صورتحال کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ نے شہریوں کو ہدایت کی ہے کہ سرحد کے قریب 1 کلومیٹر کے اندر رہائش پذیر تمام افراد کو عارضی طور پر محفوظ مقامات کی جانب نقل مکانی کریں۔ اعلامیے کے مطابق ضلعی انتظامیہ کے جانب سے بے بس عوام کیلئے عارضی پناہ گاہ بمقام گورنمنٹ ہائی سکول پرانا چمن اور گورنمنٹ ہائی سکول ملت آباد قرار دیا گیا، دریں اثناء ضلعی انتظامیہ چمن کے مطابق پاک افغان سرحدی کشیدگی کے دوران حکومت بلوچستان کی ہدایت پر انسانی ہمدردی کے تحت افغانستان جانے کے منتظر 1 ہزار مہاجرین کو محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا گیا۔ انتظامیہ کے مطابق مہاجرین کو رہنے کی جگہ، خوراک، طبی امداد سمیت دیگر سہولیات مہیا کی گئی ہیں۔

MASHRIQ QUETTA

## جامعہ بلوچستان میں آفاق کے تعاون سے جدید امتحانی نظام کی تربیتی ورکشاپ کا انعقاد

### امتحانی فریم ورک پر تین روزہ تربیتی ورکشاپ کامیابی سے مکمل 50 ماہرین تعلیم نے شرکت کی

### ڈاکٹر شاہدہ پروین، ڈاکٹر شفیق اعوان اور پروفیسر ڈاکٹر غلام علی ملاح ڈائریکٹر آئی بی سی سی نے ٹریننگ دی

کوئٹہ (خ ن) جامعہ بلوچستان کے انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ سائنسز میں "ماڈل اسیسمنٹ فریم ورک برائے تصوراتی امتحان" کے نفاذ سے متعلق تین روزہ تربیتی ورکشاپ کامیابی کے ساتھ مکمل ہوئی۔ ورکشاپ کے تیسرے روز اختتامی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس کے مہمان خصوصی ڈاکٹر صالح بلوچ سیکرٹری تعلیم، حکومت بلوچستان تھے۔ اس موقع پر شرکاء میں اسناد بھی تقسیم کی گئیں۔ تقریب میں مہمانان گرامی میں جامعہ بلوچستان کے پرو وائس چانسلر ڈاکٹر عبدالرزاق شاہوانی ڈاکٹر حسین احمد بلوچ ڈائریکٹر کالجز، حکومت بلوچستان چیئرمین، بلوچستان بورڈ۔ محمد اسحاق پروفیسر ڈاکٹر غلام علی ملاح ایگزیکٹو ڈائریکٹر، انٹر بورڈ کوآرڈینیشن کمیشن IBCC عامر زیب، ڈائریکٹر ٹریننگ، ادارہ آفاق پاکستان پروفیسر ڈاکٹر زینب بی بی، ڈین فیکلٹی آف مینجمنٹ اینڈ انفارمیشن سائنسز جناب عبدالنعیم رند، ریجنل ہیڈ، آفاق بلوچستان شامل تھے۔

## بلوچستان میں پولیو مہم کی رپورٹ، 47,335 بچے ویکسینیشن سے محروم

### ضلعی اور قومی سطح پر کارکردگی بہتر، 98 فیصد بچوں کو پولیو ویکسین دی گئی

پولیو مہم کے دوران لاکھوں بچوں تک پہنچنے میں کامیابی، مگر کچھ علاقے اب بھی ویکسین سے محروم

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان میں جاری قومی انسداد پولیو مہم کی تازہ رپورٹ کے مطابق 47,335 بچے پولیو ویکسینیشن سے محروم رہے ذیلی قومی انسداد پولیو مہم کی کارکردگی رپورٹ کے مطابق صوبے میں تقریباً 98 فیصد بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے گئے، جس سے مہم کی مجموعی کامیابی کو ظاہر کیا جا رہا ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق ویکسین سے .........

بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

محرومی کا سب سے زیادہ اثر ان علاقوں میں ہوا جہاں دور دراز یا پسماندہ علاقوں تک پہنچنا مشکل تھا۔ ذرائع نے بتایا کہ مہم کے دوران لاکھوں بچوں کو پولیو ویکسین دی گئی اور صوبائی صحت محکمہ نے ہدایت دی ہے کہ محروم بچے بھی جلد از جلد ویکسین پلائی جائیں تاکہ کسی بھی خطرے کو موثر طریقے سے روکا جا سکے صوبائی محکمہ صحت نے والدین سے اپیل کی ہے کہ وہ بچوں کو پولیو ویکسین پلانے میں تعاون کریں اور مہم کے مکمل نفاذ کو یقینی بنائیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 16 OCT 2025 Page No. 14


## ریاستی حملہ آزاد افغانستان کی سلامتی کے خلاف ہے، پشتونخوا نیپ

**نصف صدی سے افغانستان کے اداروں کو تباہ کر کے مداخلت اور جنگ کو دوام دیا گیا**

**تاریخی لیویز فورس کو پولیس میں ضم کرنے کے غیر آئینی فیصلے کو قبول نہیں کرینگے، بیان**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے آزاد افغانستان پر ریاستی حملے کو آزاد افغانستان کی ملی استقلال، ملی حاکمیت اور ملکی سلامتی پر حملہ قرار دیتے ہوئے تمام افغان غیور ملت کے خلاف اس جارحیت و مداخلت کی پرزور مذمت کی گئی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ پاکستان نے گزشتہ تقریباً نصف صدی کے دوران افغانستان کی مملکت اور ملکی سٹیٹ کے تمام ملی اداروں کو مکمل طور پر تباہ کرنے اور آزاد افغانستان کو اپنا ماتحت صوبہ بنانے کے غرض سے جارحیت اور مداخلت کی انسانیت سوز جنگ کو دوام دیا ہے۔ بیان میں طالبان نمائندگان پر واضح کیا گیا کہ اب بھی وقت ہے کہ وہ افغان غیور ملت کے وسیع حلقوں اور ہر مکتبہ فکر کے نمائندوں پر مشتمل "ہمہ شمول" حکومت کی فوری تشکیل کر کے بنیادی انسانی حقوق، افغان ملی فوج اور تمام اداروں کو بحال کر کے افغان عوام کی ملی طاقت سے تاریخی اور آزاد و پر افتخار افغانستان کی ملی استقلال ملی حاکمیت آزادی اور ملکی سلامتی کا دفاع کریں۔ بیان میں پاکستان کی تمام جمہوری قوتوں سے پرزور اپیل کی گئی ہے کہ وہ فوری جنگ بندی میں اپنا کردار ادا کریں۔ دریں اثناء پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے فارم 47 کی مسلط کردہ صوبائی حکومت کی جانب سے صوبے کے تاریخی لیویز فورس کو پولیس میں ضم کرنے کے غیر آئینی غیر قانونی فیصلے اور پشتون بلوچ عوام دشمن اقدام کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ صوبے پر مسلط کردہ کارندوں کو ہرگز یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ ایسے بنیادی فیصلے کریں۔ جو عوام کے مفادات کے برخلاف ہو۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ نام نہاد کابینہ کے فیصلے کے ذریعے کوئٹہ، ژوب، مکران، رخشان، نصیر آباد اور قلات ڈویژن کے B ایریاز کو A ایریاز میں ضم کرنے اور لیویز فورس کو مکمل طور پر ختم کرنے کا فیصلہ ہرگز ہمارے عوام کیلئے قبول نہیں ہے۔ یہ طرز عمل اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ فارم 47 کی نام نہاد حکومت عوامی اختیارات چھین کر ملک میں آمریت نما نظام قائم کرنا چاہتی ہے۔

## گوادر کے عوام پانی کے سنگین بحران کا سامنا کر رہے ہیں، نیشنل پارٹی

**حکومت اپنی کارکردگی پر پردہ ڈالنے کے لیے دوسروں پر الزام تراشیوں کا سہارا لے رہی ہے، بیان**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نیشنل پارٹی کے مرکزی بیان میں گوادر میں پانی کی قلت پر شدید تشویش کا اظہار کرتے کہا گیا ہے کہ گوادر کے عوام پانی کے سنگین بحران کا سامنا کر رہے ہیں مگر حکومت تا حال کوئی موثر و عملی اقدام کرنے سے قاصر ہے جو انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پینے کا صاف پانی ہر شہری کا بنیادی حق اور اس کی فراہمی حکومت کی ذمہ داری ہے لیکن بدقسمتی سے بلوچستان کے ساحلی شہر گوادر میں لوگ اس بنیادی ضرورت سے بھی محروم ہیں۔ حکومت بلوچستان ناقص منصوبہ بندی، کرپشن اور غیر سنجیدگی کے باعث عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں ناکام ہے اور حکومت اپنی کارکردگی پر پردہ ڈالنے کے لیے دوسروں پر الزام تراشیوں کا سہارا لے رہی ہے۔ بیان میں صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ گوادر کے عوام کو بنیادوں پر پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

## گوادر کو میرانی ڈیم سے براہ راست پانی فراہم کرنا ہوگا، مولانا ہدایت الرحمن

**سی پیک کے ماتھے کا جھومر گوادر کے عوام پینے کے پانی کے لئے ترس رہے ہیں، خطاب و گفتگو**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا ہے کہ گوادر کو مستقل بنیادوں پر پانی کی فراہمی کا واحد حل میرانی ڈیم سے براہ راست پائپ لائن کے ذریعے پانی فراہم کرنا ہے۔ گوادر میں قلت آب، بجلی، ماہی گیری، چیک پوسٹس، امن وامان، باڑ اور بندش جیسے مسائل کے حل کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کروں گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوادر میں مختلف تقاریب سے خطاب، میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پورے گوادر شہر کو کب تک ٹینکروں اور باؤزرز کے ذریعے پانی فراہم کیا جائے گا۔ سی پیک کے ماتھے کا جھومر گوادر کے عوام پینے کے پانی کے لئے ترس رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 2018 میں جب گوادر پانی کے شدید بحران سے دوچار تھا، اس وقت بھی تمام سیاسی جماعتوں کا متفقہ مطالبہ یہی تھا کہ گوادر کو میرانی ڈیم سے پائپ لائن کے ذریعے پانی فراہم کیا جائے۔ اُس وقت صرف 4 ارب روپے میں یہ منصوبہ مکمل ہو سکتا تھا مگر حکومت وقت نے ہماری بات پر توجہ نہیں دی۔

## ہنہ اوڑک میں زبردستی ڈیم بنانا عوام کے حقوق پر ڈاکہ ہے، جمعیت نظریاتی

**چیف سیکرٹری بلوچستان، کمشنر کوئٹہ ڈویژن و دیگر مسئلے کا سنجیدگی سے نوٹس لیں، قاری مہر اللہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ، جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی، حاجی حیات اللہ کاکڑ، مولانا خدائے نظر، حاجی داد محمد خلجی اور مولانا رحمت اللہ حقانی و دیگر نے ہنہ اوڑک میں پرامن مظاہرین پر شیلنگ اور فائرنگ کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ فارم 47 کی حکومت قبائل کی اراضی پر عوام کی مرضی و منشاء کے خلاف ڈیم بنایا جا رہا ہے، عوام کی پدری زمینوں پر ڈیم بنانے کے لیے لازم علاقے کی قبائل کو اعتماد میں لیا جاتا۔ عوام کو اعتماد میں لئے بغیر کوئی منصوبہ کامیاب نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے کہا کہ چیف سیکرٹری بلوچستان، کمشنر کوئٹہ ڈویژن و دیگر مسئلے کا سنجیدگی سے نوٹس لیں۔ زبردستی ڈیم بنانا عوام کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کے مترادف ہے۔

## کالعدم بی ایل ایف کے غیر مہذب کردار سے ہر بلوچ واقف ہے، سابق کمانڈر

**ایک بے گناہ بلوچ کو قتل کرنے کا مجھ پر سراسر جھوٹا الزام لگایا گیا، صغیر عرف بلال**

تربت (نامہ نگار) بی ایل ایف کے سابق کمانڈر صغیر عرف بلال نے ایک بیان جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ 12 اکتوبر 2025 میں ایک دہشت گرد تنظیم فتنہ الہندوستان بی ایل ایف نے ایک بے گناہ بلوچ کو قتل کر کے غیر مذہب انداز میں ایک بیان جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ مسلم نعمت اللہ نے اعتراف کیا کہ صغیر عرف بلال کے کہنے پر میں نے ثنا شوکت، ملا بہرام اور انجم مجیب بلوچ کو قتل کروایا، انڈیا اور افغانستان کے ہاتھوں کھیلنے والی تنظیم یہ بھول گئی کہ میں نے تمہاری صفوں میں 14 سال گزارے میں تم لوگوں کے یہ کردار سے اچھی طرح واقف ہوں بلوچ غیرت اور بلوچ روایت کا دعویٰ کرنے والی تنظیم کے غیر مذہب کردار سے آج ہر بلوچ واقف ہے۔ جن لوگوں کا نام تنظیم لے رہی ہے ان لوگوں کو فیملی کے حوالے سے میں ضرور جانتا ہوں لیکن ان لوگوں سے نہ میری ملاقات ہوئی ہے نہ میں ان لوگوں کو جانتا ہوں اور نہ میرا مسلم نعمت اللہ سے تعلق ہے اور نہ رابطہ ہوا ہے۔ معلوم نہیں یہ تنظیم مجھے کیوں بدنام کرنے کی کوشش کر رہی ہے میں نے 2020 میں اس تنظیم کے ساتھ اپنا تعلقات ختم کر دیا تھا۔ اسی سال تنظیم نے میرے بھائی زاہد عرف مراد اور اس کے ساتھی مل عرف فضل کو چین میں بے گناہ شہید کر دیا بلوچ روایات اور بلوچ چادر اور چار دیواری کی عزت کی دعوے کرنے والا تنظیم خود بلوچ روایت سے نابلد ہے۔ اس دہشت گرد تنظیم والوں نے سینکڑوں بلوچ گھروں میں چھاپے مارے بلوچ خواتین کی تذلیل کی، سینکڑوں بلوچ گھروں میں دستی بم پھینکے، کئی معصوم بچوں اور عورتوں اور بوڑھوں کو قتل اور زخمی کر دیا ہے۔ انہوں نے کہ کہ میں مقتول کے خاندانوں سے کہنا چاہتا ہوں کہ یہ مجھ پر سراسر جھوٹ اور الزام ہے۔ اگر آپ لوگوں کو میرے بارے میں کوئی بھی شک و شبہات ہے میں آپ لوگوں سے بات کرنے اور صفائی دینے کیلئے ہر وقت تیار ہوں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 16 OCT 2025 Page No. 15

# قلعہ سیف اللہ کا اجتماع خطے میں جمعیت کی فکری بیداری کا نیا باب ہے، مولانا عبدالواسع

## جمعیت کی کامیابی اللہ کی نصرت، قیادت کی بصیرت جذبہ ایثار و قربانی کا عملی مظہر ہے، صوبائی امیر

## بلوچستان کی سرزمین پر جمعیت کے عوامی اثرات پہلے سے کہیں زیادہ وسیع اور گہرے ہو چکے ہیں، بیان

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی امیر جمعیت علماء اسلام بلوچستان مولانا عبدالواسع نے قلعہ سیف اللہ میں منعقدہ عظیم الشان، تاریخی اور فقید المثال مفتی محمود کانفرنس کی غیر معمولی کامیابی پر جماعت کے تمام ضلعوں کے عہدیداران، ذمہ داران اور کارکنان کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد اور خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ اجتماع درحقیقت اس خطے میں جمعیت کی فکری و عوامی بیداری کا نیا باب ہے۔ جس نے یہ حقیقت واضح کر دی کہ جمعیت علماء اسلام کی جڑیں اب پہلے سے کہیں زیادہ مضبوط، گہری اور مستحکم ہو چکی ہیں یہ کامیابی اللہ تعالیٰ کی نصرت ........ بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

، قیادت کی بصیرت اور کارکنان کے جذبہ ایثار و قربانی کا عملی مظہر ہے انہوں نے کہا کہ جن مخلص کارکنان و عہدیداران نے اپنی نیندیں قربان کر کے، اخلاص، نظم و ضبط اور محنت سے اس تاریخی اجتماع کو فقید المثال کامیابی سے ہمکنار کیا، وہ سب خراج تحسین کے مستحق ہیں قلعہ سیف اللہ نے عملاً ثابت کر دیا کہ یہ جمعیت علماء اسلام کا ناقابل تسخیر قلعہ ہے، جہاں عوام کا اعتماد، قیادت سے والہانہ وابستگی اور کارکنان کا جذبہ ایک نئی تاریخ رقم کر چکی ہے فرزند قائد جمعیت مولانا مفتی اسعد محمود کا والہانہ استقبال اور ان کے اعزاز میں عوامی سمندر کی صورت میں شریک ہونے والے لاکھوں افراد نے ثابت کر دیا کہ بلوچستان کی سرزمین پر جمعیت کے عوامی اثرات پہلے سے کہیں زیادہ وسیع اور گہرے ہو چکے ہیں یہ عزت و پذیرائی تاریخ میں سنہری حروف سے لکھی جائے گی، جو کارکنان کے اخلاص، وفاداری اور قیادت سے غیر متزلزل تعلق کا مظہر ہے مولانا عبدالواسع نے مزید کہا کہ علم و عمل کی اس سرزمین پر علماء کی سرپرستی میں جمعیت ہمیشہ حق گوئی، اصولی سیاست اور خدمت خلق کی علامت رہی ہے اور یہی وہ روایت و تسلسل ہے جس نے جمعیت کو ہر دور میں قوم کی امید، ملت کی آواز اور نظریاتی استقامت کا استعارہ بنایا ہے ہمیں اسی اخلاص، ایثار اور استقامت کے ساتھ اکابرین کے مشن اور مفکر اسلام مفتی محمود کے نظریاتی ورثے کو آگے بڑھانا ہے تاکہ جمعیت علماء اسلام اپنی اصولی سیاست، نظریاتی مزاحمت اور عوامی خدمت کے سفر میں پہلے سے زیادہ سرخرو، فعال اور کامیاب ہو ان شاء اللہ۔ جس نے جمعیت کو ہر دور میں قوم کی امید، ملت کی آواز اور نظریاتی استقامت کا استعارہ بنایا ہے ہمیں اسی اخلاص، ایثار اور استقامت کے ساتھ اکابرین کے مشن اور مفکر اسلام مفتی محمود کے نظریاتی ورثے کو آگے بڑھانا ہے تاکہ جمعیت علماء اسلام اپنی اصولی سیاست، نظریاتی مزاحمت اور عوامی خدمت کے سفر میں پہلے سے زیادہ سرخرو، فعال اور کامیاب ہو ان شاء اللہ۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 16 OCT 2025 Page No. 16


## مسلح افواج نے چمن، نوشکی اور ژوب میں افغان طالبان کے حملے ناکام بنادیئے، کابل کی درخواست پر پاکستان کا 48 گھنٹے سیز فائر کا اعلان

# سینکڑوں خارجی اور طالبان ہلاک، پاک فوج نے قندھار اور کابل میں دہشتگردوں کے ٹھکانے تباہ کردیئے

15 اکتوبر بروز بدھ کی صبح افغان طالبان نے بلوچستان کے سپن بولدک کے 4 مقامات پر بزدلانہ حملے کیے، جنہیں پاکستانی فورسز نے مؤثر طریقے سے پسپا کردیا جس میں، 50 طالبان مارے گئے

نوشکی سیکٹر میں افغانستان کو بھرپور جواب، غزنالی پوسٹ پر پاکستانی پرچم لہرادیا، طالبان فوجی پوسٹ اور اسلحہ چھوڑ کر فرار ہوگئے، بات چیت کے ذریعے مسائل حل کرینگے، کوشش کریں گے، ترجمان دفتر خارجہ

راولپنڈی (زاہد احمد خان) پاک فوج نے نوشکی ژوب اور چمن کے علاقے سپن بولدک میں افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کے حملوں کو ناکام بناتے ہوئے سینکڑوں افغان طالبان اور خوارج کو ہلاک کر دیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان کے مطابق افغان طالبان کا سپن بولدک میں بہیمانہ

حملہ ناکام بنا دیا گیا اور پاکستانی افواج نے موثر جوابی کارروائی میں متعدد دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ 15 اکتوبر بروز بدھ کی صبح افغان طالبان نے بلوچستان کے سپن بولدک کے 4 مقامات پر بزدلانہ حملے کیے، جنہیں پاکستانی فورسز نے مؤثر طریقے سے پسپا کر دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق یہ حملے مقامی بتی ........ بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

ہوئی بستیوں کے ذریعے منظم کیے گئے تھے، جن میں شہری آبادی کی جان و مال کی پرواہ نہیں کی گئی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق افغان فورسز نے چمن میں سول آبادی پر بلا اشتعال فائرنگ کی، جس پر پاکستان نے مؤثر جواب دیا۔ ترجمان پاک فوج کا کہنا تھا کہ افغان طالبان نے اپنی جانب سے پاک۔ افغان فرینڈشپ گیٹ کو بھی تباہ کرنے کی کوشش کی جو کہ سرحدی تجارت اور قبائلی آمد و رفت میں سہولت کے لیے اہم ہے۔ بیان کے مطابق پاکستانی جوابی کارروائی میں 15 تا 20 افغان طالبان ہلاک اور متعدد زخمی ہوئے، صورتحال تا حال کشیدہ ہے اور فتنہ الخوارج اور افغان طالبان کے سٹیجنگ پوائنٹس پر اضافی تعیناتیوں کی رپورٹس موصول ہو رہی ہیں۔ آئی ایس پی آر نے مزید بتایا کہ سپن بولدک پر حملہ کوئی الگ واقعہ نہیں تھا، 14 اور 15 اکتوبر کی درمیانی شب کو افغان طالبان اور فتنہ الخوارج نے خیبر پختونخوا کے کرم سیکٹر میں بھی پاکستانی سرحدوں پر حملے کی کوشش کی، جسے بھی مؤثر انداز میں ناکام بنا دیا گیا۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق جوابی کارروائی میں افغان مراکز کو بھاری نقصان پہنچا۔ آٹھ پوسٹس، جن میں چھ ٹینک بھی شامل تھے، تباہ کیے گئے اور اندازے کے مطابق 25 تا 30 افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کے جنگجو ہلاک ہوئے۔ آئی ایس پی آر نے افغان طالبان کے اس دعوے کو مسترد کر دیا کہ حملہ پاکستان کی جانب سے شروع کیا گیا، اس تاثر کو گمنا اور واضح جھوٹ قرار دیا گیا اور کہا گیا کہ طالبان انتظامیہ کے اس پروپیگنڈے کو تمام حقائق کی روشنی میں با آسانی بے نقاب کیا جا سکتا ہے۔ بیان کے اختتام پر کہا گیا کہ پاک افواج ملکی خودمختاری اور سرحدی سالمیت کے دفاع کے لیے پختہ عزم رکھتی ہیں اور کسی بھی جارحیت کا بھرپور جواب دیا جائے گا۔ پاک فوج نے نوشکی سیکٹر میں افغانستان کو بھرپور جواب دیتے ہوئے غزنالی پوسٹ پر پاکستانی پرچم لہرا دیا۔ پاک فوج نے افغان طالبان فورسز کی جارحیت کے جواب میں بھرپور کارروائی کی، جاری فوٹیج میں دیکھا جا سکتا ہے کہ افغانستان کی حدود میں 3 کلومیٹر اندر واقع غزنالی پوسٹ تباہ کی گئی۔ افغان طالبان فوجی جوابی حملے میں غزنالی پوسٹ اور اسلحہ چھوڑ کر فرار ہو گئے۔ 12/11 اکتوبر کے درمیانی رات فوج کی موثر کارروائیوں سے اب تک سرحد پار طالبان کے متعدد ٹھکانے تباہ ہو چکے ہیں، پاک فوج نے 21 افغان طالبان پوسٹیں عارضی طور پر قبضے میں لیں جب کہ دہشتگردوں کے کئی تربیتی کیمپ ناکارہ بنائے۔ انٹیلی جنس اطلاعات کے مطابق 200 سے زائد طالبان اور ان کے معاون دہشتگرد ہلاک اور متعدد زخمی ہوئے ہیں، پاک فوج کسی بھی بیرونی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کیلئے مکمل طور پر تیار ہے۔ پاک فوج نے مہمند میں بروقت کارروائی کرتے ہوئے تشکیل میں آنے والے 30 خوارج ہلاک کر دیے۔ سکیورٹی ذرائع نے کہا کہ پاک فوج کی سخت جوابی کارروائی نے افغان طالبان کو فتنہ الخوارج پر انحصار کرنے پر مجبور کر دیا، افغان طالبان کی فتنہ الخوارج کی مدد سے ایک بڑی تشکیل مہمند بھیجنے کی کوشش پاک فوج نے ناکام بنادی۔ سکیورٹی ذرائع نے کہا کہ پاک فوج کی بروقت کارروائی سے تشکیل میں شامل 30 خوارج ہلاک کر دیے گئے۔ سکیورٹی ذرائع نے کہا کہ تشکیل بھیجنے کا مقصد مہمند کے سرحدی علاقہ ترکمان زئی سے دراندازی کے ذریعے دہشتگردی پھیلانا تھا، یہ دراندازی پاک فوج کی بھرپور جوابی کارروائیوں کی ہزیمت کا بدلہ لینے کی ناکام کوشش تھی۔ سکیورٹی ذرائع نے کہا کہ آپریشن اس وقت بھی جاری ہے اور مزید خوارجین کے ہلاک ہونے کی اطلاعات ہیں۔ پاکستان نے قندھار اور کابل میں افغان طالبان اور خوارج کے ٹھکانوں پر ٹارگٹڈ کارروائی کرتے ہوئے کابل میں فتنہ الخوارج کے مرکز اور لیڈرشپ کو نشانہ بنایا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق پاکستان نے قندھار اور کابل میں افغان طالبان اور خوارج کے ٹھکانوں پر ٹارگٹڈ کارروائی کی، شہری آبادی سے الگ تمام اہداف باریک بینی سے منتخب اور کامیابی سے جلد کیا گیا۔ پاکستان کی مسلح افواج نے افغان طالبان حملے کو مؤثر طریقے سے پسپا کر دیا ہے، پاک فوج کی سخت اور شدید جوابی کارروائی نے افغان طالبان کو بوکھلاہٹ کا شکار کر دیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق پاک فوج افغان طالبان کے جھوٹے پروپیگنڈے کے باوجود عزم و حوصلے کے ساتھ دفاع وطن میں مصروف ہے، شکست خوردہ افغان طالبان بھاری جانی و مالی نقصان اٹھانے کے بعد جھوٹے پروپیگنڈا کا سہارا لینے پر مجبور ہے۔ افغان طالبان کے ترجمان نے سوشل میڈیا پر پروپیگنڈا پوسٹ شیئر کر کے جھوٹ پھیلانے کی ناکام کوشش کی، ویڈیو میں تاثر دینے کی کوشش کی گئی کہ ٹی 55 ٹینک پاکستانی فوج سے چھینا گیا ہے، (روسی ساختہ ٹی 55 ٹینک حقیقت میں افغان طالبان کے زیر استعمال ہے۔) پاکستان نے افغان طالبان کی سیز فائر کی درخواست پر اگلے 48 گھنٹوں کے لیے عارضی جنگ بندی کا فیصلہ کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ پاکستان نے افغان طالبان کی درخواست پر سیز فائر کا فیصلہ کیا ہے اور بدھ کی شام 6 بجے سے اگلے 48 گھنٹوں کے لیے عارضی سیز فائر کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ دونوں اطراف بات چیت کے ذریعے اس مسئلے کا حل تلاش کرنے کی مخلصانہ کوشش کریں گے۔ واضح رہے کہ پاک فوج نے بلوچستان کے سرحدی ضلع چمن کے علاقے اسپن بولدک اور خیبر پختونخوا کے کرم سیکٹر میں افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کے حملے ناکام بناتے ہوئے 45 سے 50 حملہ آوروں کو ہلاک کر دیا، جب کہ جوابی کارروائی میں کئی چیک پوسٹیں اور ٹینک بھی تباہ کیے گئے ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 15 اکتوبر 2025 کو علی الصبح افغان طالبان نے بلوچستان کے علاقے اسپن بولدک میں 4 مختلف مقامات پر بزدلانہ حملے کیے، جنہیں پاکستانی سکیورٹی فورسز نے بھرپور اور موثر انداز میں ناکام بنا دیا، اس دوران 15 سے 20 افغان طالبان ہلاک اور متعدد زخمی ہوئے۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق اسپن بولدک کا واقعہ منفرد یا الگ نوعیت کا نہیں ہے، 14 اور 15 اکتوبر کی شب افغان طالبان اور فتنہ الخوارج نے خیبر پختونخوا کے کرم سیکٹر میں پاکستانی سرحدی چوکیوں پر حملے کی کوشش کی تھی، جسے پاکستانی فورسز نے بہادری سے پسپا کر دیا تھا۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ جوابی کارروائی میں افغان چوکیوں کو بھاری نقصان پہنچا اور دشمن کی 8 چوکیوں کے علاوہ 6 ٹینک بھی تباہ کیے گئے جبکہ 25 سے 30 دہشت گرد مارے جانے کی اطلاعات ملی ہیں۔ واضح رہے کہ 11 اور 12 اکتوبر کی درمیانی شب افغان طالبان نے پاکستان پر بلا اشتعال فائرنگ کر دی تھی۔ طالبان سرحدی فورسز کے مطابق پاکستانی فضائی حملوں کے ردعمل میں افغان سرحدی فورسز مشرقی علاقوں میں بھاری لڑائی میں مصروف رہیں۔ کنڑ، ننگرہار، پکتیکا، خوست اور ہلمند کے طالبان حکام نے بھی جھڑپوں کی تصدیق کی۔ اسلام آباد نے کابل پر زور دیا تھا کہ وہ کالعدم ٹی ٹی پی کو اپنی سرزمین پر پناہ دینے سے باز رہے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق پاک فوج کی جوابی کارروائی میں درجنوں افغان فوجی مارے گئے اور لشکری گروہ موثر اور شدید جوابی کارروائی کے باعث پسپا ہو گئے تھے۔ قبل ازیں افغان وزارت دفاع نے کہا تھا کہ افغان فورسز نے پاکستانی سکیورٹی فورسز کے خلاف کارروائیاں کیں، یہ کارروائیاں نصف شب ختم ہو گئیں، اگر مخالف فریق نے دوبارہ افغان سرزمین کی خلاف ورزی کی

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 16 OCT 2025 Page No. 17


## رکھنی: گاڑی سے 10 کلو آئس میتھ اور 60 کلو چرس برآمد، دو اسمگلر گرفتار

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) محکمہ ایکسائز، ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس بلوچستان انسداد منشیات ٹیم کی رکھنی میں دوران چیکنگ گاڑی سے 10 کلو آئس میتھ اور تقریباً 60 کلو چرس برآمد ہونے پر دو اسمگلروں کو گرفتار کر لیا۔ ایکسائز ذرائع کے مطابق محکمہ ایکسائز، ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس بلوچستان انسداد منشیات کے اعلیٰ حکام کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ منشیات اسمگلر بھاری مقدار میں منشیات پنجاب اسمگل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں جس پر محکمہ ایکسائز، ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس بلوچستان انسداد منشیات ٹیم نے رکھنی میں ناکہ بندی کر کے چیکنگ شروع کی اسی دوران ایک گاڑی کو روکنے کا اشارہ کیا تاہم گاڑی میں سوار افراد نے فرار ہونے کی کوشش ٹیم نے گاڑی کو گھیرے میں لے کر تلاشی کے دوران 10 کلو آئس میتھ اور تقریباً 60 کلو چرس برآمد ہونے پر دو اسمگلروں کو گرفتار کر لیا۔

## چمن: افغان طالبان کی گولہ باری سے 2 شہری شہید، 7 زخمی

### متعدد گھروں اور املاک کو بھی نقصان پہنچا، عام آبادی کو نشانہ بنایا گیا، انتظامیہ

کوئٹہ (این این آئی) چمن میں پاک افغان کشیدگی کے دوران افغان طالبان کی سویلین آبادی پر گولہ باری سے دو شہری شہید جبکہ سات زخمی ہو گئے۔ ڈپٹی کمشنر چمن حبیب الرحمن بنگلزئی نے بتایا کہ بدھ کو چمن شہر کے سرحدی سے قریبی علاقوں میں طالبان نے گولے اور فائر کر کے عام آبادی کو نشانہ بنایا جس کے نتیجے میں ابتدائی طور پر دو عام شہری شہید جبکہ سات افراد زخمی ہو گئے۔ انہوں نے بتایا کہ متعدد گھروں اور املاک کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ ڈپٹی کمشنر کے مطابق زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد کوئٹہ منتقل کر دیا گیا۔


MASHRIQ QUETTA


## کچھی میں پولیو ٹیم پر دہشتگردوں کا حملہ لیویز نے ناکام بنادیا، فائرنگ سے گاڑی نذر آتش

### دہشت گردوں کی شدید فائرنگ سے لیویز گاڑی میں آگ بھڑک اٹھی، سی اسکاؤٹس کا فوری ردعمل، علاقے کا گھیراؤ

### پولیو ٹیم کا عملہ اور لیویز اہلکار محفوظ رہے، جانی نقصان کی اطلاع نہیں، اضافی نفری طلب کی گئی، دہشت گرد فرار ہو گئے

کچھی (خ ن) گزشتہ روز، لیویز فورس کی ایک ٹیم، ایس ایچ او کٹن کی قیادت میں، کٹن کے علاقے میں پولیو مہم کے دوران حفاظتی خدمات انجام دے رہی تھی، جس پر ......... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

تقریباً 15 مسلح دہشت گردوں نے اچانک حملہ کر دیا۔ فائرنگ کے تبادلے کے دوران دہشت گردوں نے لیویز کی گاڑی کے ٹائروں کو نشانہ بنایا اور فیول ٹینک کو نقصان پہنچنے کے باعث گاڑی میں آگ لگ گئی۔ مشکل حالات کے باوجود، لیویز اہلکاروں نے غیر معمولی جرات اور پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے بہادری سے حملے کا مقابلہ کیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ڈپٹی کمشنر کچھی نے فوری طور پر اضافی نفری روانہ کی، جبکہ پاک فوج کی 152 ایئر ڈیفنس یونٹ اور فرنٹیئر کور کی 151 ونگ (سی اسکاؤٹس) نے فوری جوابی کارروائی کرتے ہوئے علاقے کو گھیرے میں لے لیا۔ کامیاب سرچ اینڈ کلیئرنس آپریشن کے دوران تمام لیویز اہلکار محفوظ رہے

## سمندر کے راستے ایران جانیوالے 13 افراد گرفتار

### 2 کا تعلق رحیم یار خان، 5 کا قمبر شہداد کوٹ، 1 کا تعلق کشمور، لاڑکانہ اور شانگلہ سے ہے

### گرفتار افراد غیر قانونی طور پر سمندر کے راستے پاکستان سے ایران جا رہے تھے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ایف آئی اے نے جیونی میں کارروائی کے دوران غیر قانون طور پر سمندر کے راستے ایران جانے کی کوشش کرنے والے 13 افراد کو گرفتار کر لیا۔ ایف آئی اے کے مطابق بدھ کو ایف آئی اے کمپوزٹ سرکل گوادر نے جیونی میں کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی طور پر سمندر کے راستے ایران جانے کی کوشش کرنے والے 13 افراد کو گرفتار کر لیا جن میں سے 2 کا تعلق رحیم یار خان، 5 کا قمبر شہداد کوٹ، 1 کا تعلق کشمور، لاڑکانہ اور شانگلہ سے ......... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ گرفتار افراد غیر قانونی طور پر سمندر کے راستے پاکستان سے ایران جا رہے تھے ابتدائی تفتیش کے مطابق ملزمان نے ایران سے غیر قانونی طور پر دیگر ممالک جانا تھا۔ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ملزمان کو گرفتار کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے


CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 16 OCT 2025 Page No. 12

# ملک دشمن عناصر کا اصل ہدف پاکستان کو نقصان پہنچانا اور اسے تقسیم کرنا ہے

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں شورش نہیں بلکہ ملیٹنسی کی نام نہاد تحریکیں ہیں جنہیں بیرونی قوتیں اپنے مذموم مقاصد کے لیے استعمال کر رہی ہیں۔ ملک دشمن عناصر کا اصل ہدف پاکستان کو نقصان پہنچانا اور اسے تقسیم کرنا ہے۔ دشمن پاکستان کو کیک کی طرح ٹکڑوں میں بانٹنے کی خواہش رکھتے ہیں، لیکن ان کے ناپاک عزائم کو ناکامی کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے 17 ویں سیکیورٹی ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں غیر متوازن ترقی کا جو تاثر دیا گیا اور جس طرح حقائق کو مسخ اور گمراہ کن ہے بعض حلقوں نے "ناراض بلوچ" کی اصطلاح گھڑ کر دہشت گردی کو جواز فراہم کرنے کی کوشش کی حالانکہ جو شخص بندوق کے زور پر تشدد کرے وہ ناراض نہیں بلکہ دہشت گرد ہے اور کسی بھی طرح بلوچ عوام کا نمائندہ نہیں ہو سکتا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے بتایا کہ صوبے میں پہلا فراری کیمپ 21 جون 2002 کو قائم کیا گیا جس سے دہشت گردی کو فروغ ملا اور نوجوانوں کو گمراہ کرنے کا راستہ کھلا انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا پروپیگنڈا کے ذریعے نوجوانوں اور ریاست کے درمیان خلیج پیدا کرنے کی کوشش کی گئی تاہم حکومت بلوچستان نوجوانوں کے خدشات اور شکایات کو سننے کے لیے جامعات سمیت ہر فورم پر جاری ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے حالات کی خرابی کے پیچھے بھارتی خفیہ ایجنسی "را" کا واضح اور منظم کردار ہے۔ ملیٹنسی پسند عناصر بھارت کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہیں جو بھارت سے خوش اور پاکستان سے دشمنی رکھتے ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ صرف فوج یا اداروں کی نہیں بلکہ پوری قوم کی مشترکہ جنگ ہے کیونکہ پاکستان کی بقا اسی جنگ میں کامیابی سے وابستہ ہے انہوں نے کہا کہ سیاست سے زیادہ اہم ریاست پاکستان ہے اور بلوچستان حکومت نے دہشت گردی کے خلاف جنگ کو اپنی ذمہ داری سمجھ کر اپنایا ہے اس حوالے سے حکومت بلوچستان کا موقف دو ٹوک اور بالکل واضح ہے انہوں نے کہا کہ بلوچ عوام کو بند گلی میں دھکیلا جا رہا ہے لیکن تشدد اور لاحاصل جنگ سے کچھ حاصل نہیں ہوگا وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبائی حکومت گورننس کی بہتری، اصلاحات اور عوامی خدمت کے شعبوں میں ٹھوس اقدامات کر رہی ہے صحت اور تعلیم کے شعبوں میں نمایاں بہتری سامنے آ رہی ہے 3200 غیر فعال اسکولز اور 184 بنیادی طبی مراکز کو فعال کر دیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ کی استعداد کار بڑھائی جا رہی ہے اور اس مقصد کے لیے 10 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں سکیورٹی فورسز ایسے مشکل علاقوں میں آپریٹ کر رہی ہیں جہاں دشمن اور دوست کی پہچان دشوار ہے، جب دشمن واضح ہو تو اس کے خلاف کارروائی آسان ہوتی ہے لیکن جب دشمن اپنی صفوں میں چھپا ہو تو مقابلہ زیادہ مشکل ہو جاتا ہے انہوں نے کہا کہ واضح دشمن کے خلاف حالیہ کارروائی کی مثال پوری قوم نے اپنی آنکھوں سے دیکھی ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ گزشتہ 12 برسوں سے صوبے کے 24 ڈیلی اضلاع میں اسسٹنٹ کمشنرز تعینات نہیں رہتے موجودہ صوبائی حکومت نے افسران کی تعیناتی کے ذریعے ریاست کی رٹ کو بحال کیا ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں امن، استحکام اور ترقی کے دشمنوں کو شکست دینا ہمارا عزم ہے اور حکومت بلوچستان اپنے عوام کے ساتھ مل کر ایک پرامن اور خوشحال مستقبل کی جانب گامزن ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت چیف منسٹر یوتھ اسکلز ڈیولپمنٹ پروگرام کی پیش رفت سے متعلق جائزہ اجلاس منگل کے روز وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں صوبائی مشیر برائے محنت و افرادی قوت سردار غلام رسول عمرانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری محنت نیاز احمد نیچاری، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون، ایم ڈی بی ٹیوٹا طارق جاوید مینگل، کنسلٹنٹ فرم کے نمائندے اور متعلقہ محکموں کے حکام شریک ہوئے اجلاس کے دوران وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو پروگرام کی موجودہ پیش رفت، ریکروٹمنٹ کے عمل اور بیرون ملک نوجوانوں کی تعیناتی سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے یوتھ اسکلز ڈیولپمنٹ پروگرام کے تحت بیرون ملک بھجوائے جانے والے نوجوانوں کی کم تعداد اور پروگرام کی سست رفتاری پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ منصوبہ بلوچستان کے نوجوانوں کے روشن مستقبل کے لیے نہایت اہم ہے، اس میں کسی قسم کی تاخیر ناقابل قبول ہے انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ریکروٹمنٹ کے عمل کو فوری طور پر تیز کیا جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ تربیت یافتہ نوجوانوں کو بین الاقوامی مارکیٹ میں روزگار کے مواقع فراہم کیے جا سکیں اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ پروگرام کے تحت ریکروٹمنٹ اور ٹریننگ کے عمل کی شفافیت اور معیار کو یقینی بنانے کے لیے عالمی اور قومی سطح کی قابل اعتماد دیگر فرم اور کنسلٹنٹس کی خدمات بھی حاصل کی جائیں گی وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے بی ٹیوٹا اور موجودہ کنسلٹنٹ فرم کی مجموعی کارکردگی پر بھی عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ان اداروں کو اپنی کارکردگی بہتر بنانے اور پروگرام کی رفتار میں نمایاں تیزی لانے کی ہدایت کی انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان صوبے کے نوجوانوں کو ہنرمند بنا کر روزگار کے قابل بنانے کے لیے بھرپور عزم رکھتی ہے کیونکہ ہنرمند نوجوان ہی صوبے اور ملک کی معیشت کو مضبوط بنانے میں کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یوتھ اسکلز ڈیولپمنٹ پروگرام کا مقصد صرف بیرون ملک روزگار فراہم کرنا نہیں بلکہ بلوچستان کے نوجوانوں کو جدید تربیت، خود اعتمادی اور معاشی خود مختاری سے آراستہ کرنا ہے انہوں نے متعلقہ محکموں کو واضح ہدایت دی کہ ہر رکاوٹ کو فوری طور پر دور کیا جائے اور آئندہ اجلاس میں عملی پیش رفت کے قابل پیمائش نتائج پیش کیے

جا سکیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے میں منشیات کی کاشت کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ بلوچستان کی ایک انچ زمین بھی پوست یا کسی قسم کی نشہ آور فصل کے لیے استعمال نہیں ہونے دی جائے گی۔ اپنے ایک پیغام میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ منشیات کی لعنت نے نوجوان نسل کے مستقبل کو خطرات سے دوچار کیا ہے اس لعنت کے خاتمے کے لیے حکومت بلوچستان ہر سطح پر مؤثر اور عملی اقدامات کر رہی ہے اس مقصد کے لیے انتظامیہ، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور مقامی کمیونٹی کے درمیان بھرپور تعاون کو یقینی بنایا جا رہا ہے انہوں نے قلعہ سیف اللہ میں منشیات کے خلاف کامیاب کارروائی پر ڈپٹی کمشنر قلعہ سیف اللہ اور ان کی ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کا یہ اقدام منشیات کے خاتمے کی جانب ایک مضبوط اور مثبت قدم ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبے سے منشیات کی پیداوار، تجارت اور استعمال کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عملدرآمد کیا جائے گا اور اس ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پاکستان پٹرولیم لمیٹڈ اور صوبائی حکومت کے درمیان طے پانے والے مفاہمتی یادداشت کی دستاویزات پر پیش رفت اور سوئی ماسٹر پلان سے متعلق اجلاس منگل کے روز وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ کوئٹہ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایم ڈی پی پی ایل سکندر علی میمن، صوبائی سیکرٹری توانائی، متعلقہ محکموں کے حکام اور سوئی گیس فیلڈ کے منصوبوں سے وابستہ افسران نے شرکت کی ایم ڈی پی پی ایل نے اجلاس کو مفاہمتی یادداشت پر عمل درآمد اور سوئی ماسٹر پلان سے متعلق اب تک کی پیش رفت پر تفصیلی بریفنگ دی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے کے قدرتی وسائل بلوچستان کی امانت ہیں اور ان وسائل سے حاصل ہونے والے فوائد کا براہ راست اثر صوبے کے عوام خصوصاً اس علاقے کے لوگوں تک پہنچنا چاہیے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان اس بات کو یقینی بنا رہی ہے کہ پی پی ایل اور صوبائی اداروں کے درمیان تعاون کے ذریعے سوئی کے عوام کو روزگار، تعلیم، صحت اور بنیادی سہولیات کے منصوبوں میں زیادہ سے زیادہ حصہ ملے، وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سوئی ماسٹر پلان علاقے کی معاشی خود کفالت کی جانب ایک اہم قدم ہے اس منصوبے کے ذریعے مقامی ترقیاتی ڈھانچے، سماجی سہولیات، اور توانائی سے وابستہ منصوبوں میں ایک جامع حکمت عملی اپنائی جا رہی ہے تاکہ ترقی کا عمل دیرپا اور عوام دوست ہو انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ ایم او یو کے مجوزہ طے شدہ اہداف پر مقررہ مدت کے اندر عمل درآمد یقینی بنایا جائے اور سوئی ماسٹر پلان میں عوامی مفاد کو مقدم رکھا جائے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان نجی اور سرکاری اداروں کے ساتھ شراکت داری کے ذریعے صوبے میں معاشی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے پرعزم ہے انہوں نے کہا کہ وسائل کی منصفانہ تقسیم، مقامی نوجوانوں کی تربیت، اور روزگار کے مواقع پیدا کرنا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے وزیر اعلیٰ نے امید ظاہر کی کہ پی پی ایل کے ساتھ اشتراک سے نہ صرف سوئی بلکہ پورے بلوچستان میں معاشی اور سماجی ترقی کی نئی راہیں کھلیں گی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے بھر میں انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز ہو چکا ہے بلوچستان کے تمام 30 اضلاع میں ایک منظم اور مربوط مہم جاری ہے جس کا مقصد صوبے کے ہر بچے کو اس موذی مرض سے محفوظ بنانا ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 16 OCT 2025 Page No. 9

## بلوچستان بھر میں انسداد پولیو مہم کا آغاز!

بلوچستان بھر میں سات روزہ انسداد پولیو مہم کا باضابطہ آغاز کر دیا گیا۔ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کوئٹہ میں کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر مہم کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بلوچستان بھر میں انسداد پولیو مہم جاری ہے جس کے دوران 26 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ مہم میں 11 ہزار سے زائد ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں جبکہ بچوں کو وٹامن اے کے قطرے بھی پلائے جائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ پولیو مہم کے دوران سیکیورٹی کے سخت انتظامات کئے گئے ہیں تاکہ ٹیموں کو کسی بھی ممکنہ خطرے سے محفوظ رکھا جاسکے۔ بخت محمد کاکڑ نے واضح کیا کہ اگرچہ بلوچستان میں رواں سال پولیو کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا تاہم صوبے میں اب بھی پولیو وائرس کی موجودگی تشویش کا باعث ہے۔ پولیو وائرس کم عمر بچوں کو متاثر کرسکتا ہے۔ اس لیے مہم کی کامیابی کے لیے ہم سب کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ بارڈر پوائنٹس پر پولیو ایڈمنسٹریشن ٹیموں کی موجودگی ضروری ہے تاکہ وائرس کی ممکنہ منتقلی کو روکا جاسکے۔

بلوچستان بھر میں سات روز انسداد پولیو مہم کا آغاز ہونا بلاشبہ قابل تعریف اقدام ہے کیونکہ یہ ضروری عمل ہے۔ اس سے صوبے میں پولیو کا مکمل خاتمہ کر کے اس کو پولیو فری بنایا جاسکتا ہے۔ اس مقصد کے لیے ہم سب بالخصوص والدین کو اپنا اہم کردار ادا کرنا ہوگا کیونکہ اکثر علاقوں سے پولیو مہم کے دوران والدین بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے سے انکاری ہیں جو کہ کسی بھی طرح صحیح نہیں ہے اس سے صوبے میں پولیو کا خاتمہ نہیں ہوسکے گا یہ ایک موذی مرض ہے جو بچوں کو ساری عمر کے لیے محتاج بنا دیتا ہے۔ حکومت کو صوبے میں پولیو مہم کے دوران ٹیموں کی سیکیورٹی کے لیے احسن اقدامات کرنے چاہئیں کیونکہ مہم کے دوران اکثر ناخوشگوار واقعات پیش آتے ہیں جن میں سیکیورٹی اہلکاروں یا پھر ٹیم ممبران پر فائرنگ بھی کی جاتی ہے۔ اس اہم مسئلے کو حل کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ کیونکہ اس سے سیکیورٹی اہلکاروں اور ٹیموں کو خدشات لاحق ہوتے ہیں۔ جو دور کرنے بہت ضروری ہیں۔ اس کے ساتھ بارڈر پوائنٹس پر پولیو ایڈمنسٹریشن ٹیموں کی موجودگی انتہائی ضروری جو پولیو کے وائرس کو روک سکیں کیونکہ پولیو کے اکثر کیس باردر پار سے ہی وائرس کے آنے سے ہوتے ہیں جو کہ یقیناً تشویش کی بات ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 5 Dated: 16 OCT 2025 Page No. 20

# Unsafe coal mines

The dark depths of Balochistan's coal mines have become a silent, yearly catastrophe, claiming precious lives with a numbing regularity. Almost every year, news headlines are stained with the tragedy of mine blasts and collapses, often caused by the lethal accumulation of methane gas or roof cave-ins. These are not mere 'accidents'; they are preventable disasters rooted in systemic neglect and a criminal disregard for human life. The latest incidents, where scores of miners were trapped and killed, serve as yet another grim reminder of the hazardous working conditions that plague this vital sector. For the thousands of laborers, many of whom migrate from other provinces, the coal pits are not just a source of livelihood; they are great risk to life. The widespread flouting of safety protocols and the failure of the concerned authorities to enforce existing laws. Regulations such as the Mines Act, 1923, and subsequent amendments clearly stipulate safety and labour welfare regimes. Yet, repeated investigations highlight an acute lack of regular inspections, a scarcity of trained safety personnel, and the non-provision of basic protective equipment and gas-detection tools by mine owners, who prioritize profit over people. The government and regulatory bodies cannot stand by as passive observers. The cycle of tragedy followed by brief outrage and then renewed inaction must be broken. The Mines Department and Chief Inspector of Mines must move beyond mere announcements and ensure the robust, non-negotiable implementation of safety laws. Mine owners found in gross violation, particularly those responsible for fatal incidents due to negligence, must face swift legal action, including heavy penalties and criminal prosecution. Mandatory investment in modern ventilation systems, reliable methane gas detectors, and emergency rescue equipment is essential. Furthermore, comprehensive and regular safety training in the workers' native languages must be provided to all miners, along with certified safety gear. The number of qualified and independent mine inspectors needs to be drastically increased. Inspections should be frequent, unannounced, and free from external influence to ensure compliance at every operational mine site. The government must ensure all mine workers are formally registered and covered under social security schemes (EOBI, Workers' Welfare Fund), and that they receive fair wages and compensation in case of injury or death. Empowering local labour unions is crucial for workers to collectively advocate for their safety without fear of reprisal. The miners of Balochistan, who brave the depths to fuel the nation's energy needs, deserve a workplace free from the constant threat of suffocation and explosion.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 16 OCT 2025

Page No.




چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان بوستان ٹیکسٹائل اکنامک زون کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 16 OCT 2025 Page No.




آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر کا صدر کوئٹہ پریس کلب عرفان سید کی قیادت میں سینئر صحافیوں کے اعزاز میں دیے گئے عصرانے کے موقع پر گروپ فوٹو

## MASHRIQ QUETTA



آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر صدر کوئٹہ پریس کلب عرفان سعید کی قیادت میں سینئر صحافیوں سے ملاقات کر رہے ہیں

CamScanner